روحانی، عملیاتی اور نجومی دنیا کی حقیقی روایتوں کا امین۔ ایک پاکیزہ ماہنامہ

Rs.20/-

نوروز

نقش استخارہ

لوح خوش قسمتی
آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر راہنمائے عملیات سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کے شرف، اوج، سعد نظرات اور بعض خاص یوگ کے بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروالیں۔
ھدیہ ! یہ لوح چاندی پر تیار ہوگی اور اس کا ھدیہ 1700 روپے ہوگا۔ ھدیہ بذریعہ منی آرڈر درج ذیل پتے پر ارسال کریں۔ اپنے کوائف یعنی نام اور نام والدہ بھی ارسال کریں۔
مکمل اطمینان اور یقین کے ساتھ رجوع کریں
رابطہ ! خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

پبلشر و چیف ایڈیٹر

شائستہ خالد راٹھور

ایڈیٹر

خالد اسحاق راٹھور

فون

6374864 صرف دن 11 بجے تا شام 5 بجے تک

email / internet

kirathor@wol.net.pk

http://rehnuma-e-amalyat.webjump.com

افس

مکان 2 گلی 11 محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

قیمت

فی شمارہ 20 روپے

زرسالانہ 230 روپے --- بیرون ملک 20 ڈالر

ترسیل زر

اندرون ملک بذریعہ منی آرڈر

خالد اسحاق راٹھور، مکان 2 گلی 11 محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

بیرون ملک

For bank draft
Khalid Ishaq Rathor,
Account No.8735-6, National Bank of Pakistan, Civil Secretariat,
Lahore, Pakistan
Phone 92-42-6374864 .

جلد 4 شمارہ 1

پبلشر، چیف ایڈیٹر شائستہ خالد راٹھور نے الامین ٹریڈرز پرنٹرز ملک جلال دین وقف بلڈنگ روڈ سے چھپوا کر شائع کیا

وقت ملاقات

علاوہ تعطیل

دن ۱۱ بجے تا شام ۵ بجے

فہرست مضامین

اپنی بات	1
نقش استخارہ	۳
نظریات کواکب	۵
عملیات نادرہ ..... شرف قمر	۹
اصول وقواعد عملیات	۱۰
راہنمائے علم نجوم	۱۳
شرف شمس	۱۵
منبع اصول الرمل	۱۷
خواص مرغی و مرغا	۱۸
ماھانہ حالات .... ماہ مارچ	۲۲
برج حوت	۲۹
مجموعہ اعجاز عیسوی	۳۵
خوش قسمت اوقات .... Lucky Times	۵۱
بانڈ نمبر	۵۳
تقویم سیارگان .... ماہ مارچ	۵۴
خالد روحانی جنتری .... ماہ مارچ	۵۵

اپنی بات

مارچ 1998ء میں راہنمائے عملیات کا پہلا شمارہ منظر عام پر آیا۔ مارچ 2001ء کا شمارہ آپ کے ہاتھ ہے۔ سو اللہ کی مہربانی سے راہنمائے عملیات نے اشاعت کے تین سال مکمل کر کے چوتھے سال میں قدم رکھ دیا ہے۔

اس عرصے کے دوران راہنمائے عملیات کو بہتر سے بہتر بنانے کی سعی مسلسل جاری رہی۔ اور اللہ کے فضل سے اس میں ادارے کو کامیابی بھی ہوئی۔ یہ دراصل قارئین کی کامیابی ہے۔ کیونکہ میری ہمیشہ یہ کوشش رہی کہ قارئین کی آرا کو مدنظر رکھ کر پرچہ ترتیب دیا جائے اور اس میں ایسا مواد پیش کیا جائے جو عام قاری سے لے کر ماہرین تک کے لیے بھی مشعل راہ ثابت ہو۔ ماہ رواں کے پرچے سے ایک نئے سلسلے "خوش قسمت اوقات" (Lucky Times) کی ابتداء کی جا رہی ہے۔ کیونکہ ہر فرد کے لیے یہ استخراج کرنا مشکل ہوتا ہے کہ وہ کن سعد اوقات میں نیا کام شروع کرے تاکہ زیادہ سے زیادہ کامیابی حاصل ہو۔ سو اس مضمون کے تحت ہر قاری کو ایسی معلومات با آسانی مل جائیں گی۔ اس سلسلے میں مجھے قارئین کی رائے کا انتظار رہے گا۔

اس کے علاوہ "**ہر ماہ ایک کتاب مفت**" کے تحت پرچے میں ایک کتاب چند اقساط میں شائع کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ماہ جنوری اور فروری کے پرچے میں کتاب "**سحر الہنود**" پیش کی گئی جبکہ ماہ مارچ کے پرچے میں کتاب "**مجموعہ اعجاز عیسوی**" پیش کی جا رہی ہے۔

میں ان تمام مصنف دوستوں کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جو اس تمام عرصے میں پرچے سے کسی نہ کسی طور پر منسلک رہے۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب پر اپنا فضل و کرم نازل فرمائے اور ہمارے علم میں اضافہ فرمائے اور دین اور دنیا میں کامیابی عطا فرمائے۔

خالد اسحاق راٹھور

ایڈیٹر راہنمائے عملیات

راہنمائے عملیات کے ابتدائی شماروں میں نقش استخارہ کا اشتہار دینا شروع کیا پھر کبھی شامل اشاعت ہوا کبھی نہیں۔ بہر حال شائقین کا مسلسل تقاضا تھا کہ یا نقش ولوح بنادیں یا عمل بتادیں۔

تو لیں جناب عمل حاضر ہے بلکہ اس کی زکات کا طریقہ بھی لکھ رہا ہوں تا کہ مکمل بات کا اظہار ہو جائے۔

زکات اور تیاری

نقش/لوح تیار کرنے والے افراد دو طرح کے ہوں گے۔

ایک وہ جنہوں نے ذاتی مقصد کے لیے نقش/لوح استخارہ کرنی ہوگی۔ جب کہ دوسرے وہ بطور عامل اس نقش/لوح استخارہ کو تیار کر کے لوگوں کو دیں گے۔ سو پہلے ان لوگوں کے لیے زکات کا طریقہ تحریر کر رہا ہوں جنہوں نے ذاتی مقصد کے لیے تیار کرنی ہے۔

ذاتی مقصد کے لیے نقش/لوح

اس کا زکات کا طریقہ یہ ہے کہ اس نقش کو ۳۲۵ دفعہ چالیس دن تک تحریر کریں۔ نقوش تحریر کرنے کے بعد آٹے میں گولی کی شکل میں لپیٹ دیں اور دریا یا ندی یا مچھلیوں والے تالاب میں ڈال دیں۔ پانی کھارا یا نمکین نہ ہو۔ بس یہ آپ نے زکات اصغر ادا کر دی' اس نقش کی اور اب آپ روحانی حوالے سے اس قابل ہیں کہ اپنے لیے نقش/لوح استخارہ تحریر کر سکیں۔

زکات کا عمل نئے چاند سے شروع کریں۔ کسی سعد و مبارک گھڑی میں اس کی ابتداء کریں۔

جب عمل مکمل ہو جائے تو کچھ مٹھائی پر ختم پڑھ کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔ عمل ختم ہونے کے آخری دن (عمل ختم ہونے کے بعد) ایک نقش مزید تحریر کرو۔ اور اس کو اپنے پاس حفاظت سے رکھ لو۔ اگر لوح تیار کرنا چاہو تو پھر یہ نقش لکھنے کی ضرورت نہیں لوح ہی تیار کر لو۔ بس جو نقش یا لوح تیار کی وہی اب استخارے کے لیے کام دے گی۔

استعمال

ذاتی طور پر نقش کی بجائے استخارے کے لیے لوح کو زیادہ پسند کرتا ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اتنی محنت کے بعد آپ جب کاغذ پر نقش تحریر کرتے ہیں تو اس کے خراب ہونے کے امکانات بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ جبکہ لوح ایک طویل عرصے تک کام دیتی ہے۔ بہر حال جو بھی شے آپ تیار کریں۔ استعمال کا طریقہ یکساں ہے۔

نقش یا لوح کو سرہانے میں رکھ لیں۔ بستر پاک صاف ہو۔ ہلکی سی خوشبو لگا لیں۔ سونے سے پہلے دھوئے ہوئے کپڑے پہن لیں اور نہا لیں۔ سونے کے لیے لیٹیں تو سات دفعہ درود شریف پڑھ لیں اور سورہ فاتحہ کا ورد کرتے ہوئے سو جائیں۔ سورہ فاتحہ کے پڑھنے کی تعداد مقرر نہیں ہے۔ بس بہت آہستہ آواز اور رفتار میں اس وقت تک پڑھتے رہیں جب تک نیند نہ آ جائے۔ ذہن میں سوال مکمل اور واضح قائم کریں۔ ورنہ درست اور واضح جواب نہیں ملے گا۔ ایک بات کا خیال رہے جب استخارہ کرنا چاہیں تو استخارے سے پہلے دو رکعت نماز صلوۃ حاجت پڑھ لیں۔

عموماً جواب پہلے دن ہی مل جاتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو تین راتوں تک عمل کریں۔ انشاء اللہ واضح اور درست جواب ملے گا۔

زکات اکبر

زکات اکبر ادا کرنے کے لیے تمام عمل اسی طریقے کے مطابق ہوگا۔ فرق صرف یہ ہے کہ چالیس دن میں سوالاکھ کی تعداد میں اس نقش کو تحریر کریں۔ استعمال کا طریقہ بھی مندرجہ بالا ہی رہے گا۔ گو عام فرد کو اپنے ذاتی استعمال کے لیے پہلے بیان کی گئی زکات اصغر ہی

کام دے گی اور اس کو زکات اکبر کی ضرورت نہ ہے۔ نقش بمعہ چال یوں ہے:۔

چال نقش

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

مکمل نقش

اللہ الصمد کھیعص حمعسق اللہ الصمد

بسم یااللہ یاخبیر یاسمیع یابصیر یاعلیم یااللہ

۲۰۶	۲۱۹	۲۱۱	۲۰۲	۲۱۵
۲۰۰	۲۱۸	۲۰۴	۲۲۲	۲۰۹
۲۲۰	۲۱۲	۱۹۸	۲۱۶	۲۰۷
۲۱۴	۲۰۵	۲۲۳	۲۱۰	۲۰۱
۲۱۳	۱۹۹	۲۱۷	۲۰۳	۲۲۱

وہ لوگ جو خود یہ لوح نہ تیار کر سکتے ہوں۔ گیارہ سو روپے ارسال کر کے چاندی پر تیار کردہ لوح استخارہ حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ راہنمائے علم نجوم

اس سے نکل جانے کی کوشش کرتی ہے۔ یہ بات بہر حال اپنی جگہ ہے کہ ہوا پانی میں تحلیل ہو جاتی ہے مگر ایک حد تک۔

آبی بروج: آبی بروج سے تعلق رکھنے والے بالکل پانی کی سی خصوصیات لئے ہوئے ہوتے ہیں۔ ناپائیداری گہرائی اور طوفان۔ آبی بروج سے تعلق رکھنے والے افراد اکثر حساس اور جذباتی ہوتے ہیں۔ ان کے اندر چھپے ہوئے خیالات' جذبات اور طوفانوں کو سمجھ لینا آسان کام نہیں ہے۔ یہ دوسروں کے اندر اپنی سی خصوصیات دیکھنے کے خواہش مند ہوتے ہیں اور کسی قدر بے یقینی کا شکار ہو۔ جس کا اظہار ان کے عمل سے ہوتا ہے۔ ان کی منفی خصوصیات میں ضرورت سے زیادہ تغیر پذیری' بے ثباتی' انتہائی درجے کی حساسیت' زودرنجی' جذبات میں گھرے رہنا اور اسی وجہ سے کوئی نہ کوئی مسئلہ پیدا کئے رکھنا اور دوسروں کے ساتھ مخرب اخلاق رویہ اختیار کرنا شامل ہے۔

عنصری و ماہیتی امتزاج: آبی تکون سے تعلق رکھنے والوں کا عنصری و ماہیتی امتزاج کچھ اس طرح ہوگا۔ آبی بروج کا تعلق جذبات سے ہے۔ سو اسی امر کی روشنی میں ان کے ماہیتی ملاپ کے ساتھ خصوصیات کو بیان کرتے ہیں۔

سرطان (آبی و منقلب): یہ انتہائی درجے کے حساس فطرت پسند ظاہر بین اور خود رسی کا شکار ہوتے ہیں۔

عقرب (آبی و ثابت): شکی مزاج' تنقیدی طبع' جذباتی' حصول طاقت کا رجحان رکھنے والے' غیر مصالحتی رویہ' قابضانہ فطرت کے مالک' جنسی رویے کے ساتھ۔

حوت (آبی و ذوجسدین): یہ بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں روحانی طور پر ترقی یافتہ اور اپنے اندر بہت گہرائی اور اسرار لئے ہوئے ہوتے ہیں جس کا اندازہ عام فرد نہیں کر پاتا۔

علم نجوم کے موضوع پر جاری اس مضمون کا سلسلہ ابھی جاری رہے گا۔ دیکھیں آئندہ ماہ کا راہنمائے عملیات۔

نظراتِ کواکب

خالد روحانی جنتری 2001 میں تمام سال کی نظرات تحریر کر دی گئی ہیں۔ راہنمائے عملیات میں صرف متعلقہ ماہ کی کوکبی نظرات بیان کی گئی ہیں ---- کس کام آتی ہیں؟ اس بارے میں مکمل تفصیل خالد روحانی جنتری 2001 میں درج ہے۔ مختصر سمجھ لیں سعد نظر متعلقہ کواکب کے حوالے سے اچھے کاموں یعنی شادی، منگنی، نیا کام شروع کرنے، کاروبار یا ترقی وغیرہ کے لیے کوشش کرنے کے لیے مفید ہوتی ہیں۔ جبکہ نحس نظرات دشمنی پیدا کرنے، رزق کی بندش اور نفاق وغیرہ کے لیے ہوتی ہیں۔

قمر کی نظر کا دورانیہ مختصر اور دیگر کواکب کا طویل ہوتا ہے۔ تاہم کوئی عمل نظر کے عین وقت سے آدھا گھنٹہ پہلے شروع کر کے آدھا گھنٹہ بعد تک مکمل کر لیں۔ زود اثر ہوگا

جدول کواکب وغیرہ کے لیے علامتی حروف تحریر کیے گئے ہیں ان کی تفصیل سمجھ لیں۔

پہلے کالم میں نظر واقع ہونے کی تاریخ درج ہے۔

دوسرے یعنی سیارگان کے کالم میں س سے مراد شمس --- ر سے مراد قمر --- د سے مراد عطارد ہے --- ہ سے مراد زہرہ --- خ سے مراد مریخ --- ی سے مراد مشتری --- ل سے مراد زحل --- نس سے مراد یورنس --- ن سے مراد نپ چون اور ٹو سے مراد پلوٹو ہے۔

تیسرے یعنی نظر کے کالم میں س سے مراد تسدیس --- ث سے مراد تثلیث --- لہ سے مراد مقابلہ --- ع سے مراد تربیع اور ن سے مراد قران ہے۔ چوتھے یعنی وقت کے کالم میں نظر مکمل ہونے کا وقت فوجی انداز میں تحریر ہے۔ یعنی دوپہر کے ۲ بجے کو ۱۲+۲=۱۴ تحریر کیا گیا ہے۔

مارچ

تاریخ	سیارگان	نظر	وقت
1	رد	ع	7/05
1	رلس	ع	18/00
1	خ ن	س	20/33
1	رل	ن	23/58
2	ری	ن	14/34
2	رن	ث	22/10
2	رخ	لہ	23/04
3	س ر	ع	7/04
3	رٹو	لہ	11/45
3	رد	ث	15/00
3	رہ	س	15/04
3	دہ	س	17/38
3	رلس	ث	23/46
5	س ر	ث	14/34
5	رہ	ع	18/55
5	س ٹو	ع	23/12
6	رل	س	8/11
6	ری	س	21/42
7	رن	لہ	3/59
7	رخ	ث	7/57
7	رٹو	ث	16/10
7	رہ	ث	20/05
7	رد	لہ	23/56
8	رلس	لہ	3/29
8	رل	ع	8/51
8	ری	ع	22/13
9	رخ	ع	9/17
9	رٹو	ع	16/05
9	س ر	لہ	22/24
10	رل	ث	9/02
10	دلس	ن	14/52
10	ری	ث	22/50
11	رن	ث	4/32
11	رخ	س	11/33
11	رٹو	س	16/51
11	رہ	لہ	20/43
12	رلس	ث	5/01
12	رد	ث	7/45
13	رن	ع	7/22
14	دل	ع	3/31
14	رلس	ع	9/46
14	س ر	ث	11/47
14	رل	لہ	16/12
14	رد	ع	17/18
15	ری	لہ	8/30
15	رن	س	14/11
16	رخ	ن	2/02
16	رٹو	ن	4/13
16	رہ	ث	6/59
16	رلس	س	18/47
17	س ر	ع	1/46
17	س ل	س	2/43
17	رد	س	8/49
18	خ ٹو	ن	16/46
18	رہ	ع	16/56
19	ہ خ	ث	10/31
19	رل	ث	14/39
19	س ر	س	19/42
20	ہ ٹو	ث	4/32
20	ری	ث	9/10
20	رن	ن	14/04
21	رہ	س	3/50
21	رٹو	س	4/44
21	رخ	س	6/58
21	رلس	ن	20/25
22	دی	ع	00/42
22	رل	ع	4/04
22	ری	ع	22/38
23	رد	ن	1/09
23	رٹو	ع	16/55
23	رخ	ع	21/13
24	رل	س	15/59
25	س ر	ن	6/22
25	ری	س	10/14
25	رن	س	13/33
25	رہ	ن	21/25
26	رٹو	ث	3/04
26	رخ	ث	9/38
26	رلس	س	18/11
27	س ی	س	15/58
27	رن	ع	22/13
28	رد	س	11/05
28	دٹو	ع	11/29
29	رلس	ع	1/58
29	س ن	س	2/56
29	رل	ن	9/30
30	ری	ن	3/06
30	رن	ث	4/59
30	س ر	س	7/01
30	رہ	س	7/16
30	س ہ	ن	9/18
30	رٹو	لہ	17/22
31	رد	ع	00/24
31	رخ	لہ	2/17
31	رلس	ث	7/55
31	دخ	ع	20/37

اپریل

تاریخ	سیارگان	نظر	وقت
1	ہ ن	س	6/31
1	رہ	ع	9/46
1	س ر	ع	15/50
2	ہ ی	س	4/19

پورے سال (2001) کی نظرات کے لیے دیکھیں خالد روحانی جنتری

کوئی بھی نقش تیار کرنے سے قبل ان ہدایات کو بغور پڑھ لیں

غلط طرز عمل: راہنمائے عملیات میں درج تمام اعمال استفادہ عام کے لیے شائع کیے جاتے ہیں ان کا غلط استعمال کرنے والا نتائج کا خود ذمہ دار ہوگا۔

وقت: ان صفحات میں نظرات کے جو اوقات درج ہیں ان میں کسی شہر کے لیے کچھ جمع تفریق کرنے کی ضرورت نہیں۔ پاکستان میں ان اوقات کے مطابق کام کریں۔ ہاں ساعت کے اوقات ہر شہر کے لیے فرق ہوں گے۔

رجال الغیب: رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ رجال الغیب حرکت کرتے ہیں اور اس وجہ سے ان کی سمت تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ جب عمل کرنے بیٹھیں تو ان کی طرف منہ کر کے سلام کریں (السلام علیکم یا رجال الغیب) اور پھر ان کی طرف پشت کر کے عمل تحریر کریں۔ ذیل میں تحریر ہے کن تاریخوں میں یہ کس سمت ہوتے ہیں۔ مشرق-۷-۱۴-۲۲-۱۹--شمال

مشرق -۶-۲۱- ۲۸ شمال ۸- ۱۵- ۲۳-۳۰-- شمال مغرب ۵-۱۳- ۲۰-- مغرب ۴-۱۲-۱۹-۲۷ -- جنوب مغرب ۲-۱۰-۱۷-۲۵ -- جنوب ۳-۱۱-۱۸-۲۶ -- جنوب مشرق ۱-۹-۱۶-۲۴۔

حصار: عمومی اعمال کے دوران حصار کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین دفعہ درود شریف پڑھیں اور پھر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور پھر تین دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر اچھی طرح پھونک لیں اور اپنے اردگرد جتنے حصے میں دوران عمل آپ نے حرکت کرنی ہے دائرہ بنالیں۔ یہ دائرہ سادہ انگلی پھیر کے یا لوہے کی نوک دار شے سے بھی بنا سکتے ہیں۔

صلوۃ حاجت: عمل ختم کر کے دو رکعت صلوۃ حاجت ادا کریں اور حصول مقصد کے لیے دعا کریں۔

صدقہ: نقش لکھنے کے بعد صدقہ ضرور دیں۔ ہر عمل کا صدقہ حسب حثیت الگ دیں ورنہ رجعت کا امکان رہتا ہے۔ صدقہ نقش لکھنے سے قبل تیار کر کے رکھیں۔ ایک دفعہ رجعت ہو جائے تو علاج مشکل ہوتا ہے یا کافی تکلیف اور پریشانی اٹھانا پڑتی ہے۔

سیاھی: سعد کاموں کے لیے نقش زعفران سے تحریر کریں۔ اور قلم کسی میٹھے پھل دار پودے کی شاخ کا بنالیں۔ نحس کاموں کے لیے نقش کالی سیاہی سے تحریر کریں اور قلم لوہے کی نب والا لے لیں۔

بخور: سعد مقاصد کے لیے زعفران اور صندل کا بخور جلالیں۔ نحس مقاصد کے لیے رال کا بخور جلائیں۔

لباس: نقش لکھتے وقت کپڑے پاک صاف ہوں۔ چاہے عمل نحس ہو، لباس پاک ہو۔

چال: نقوش کے ہمراہ چال بھی درج ہے۔ سو ہر نقش بمطابق چال تحریر کریں۔ وہ تمام نقوش جو چال کے مطابق نہیں ہوتے ان کے موثر ہونے میں شبہ ہے۔ بلا چال نقش غلط اور اصول عملیات کے خلاف ہے۔ نقش ہمیشہ چال کے مطابق لکھنا چاہیے۔ ورنہ فائدہ نہ ہوگا۔

زکات /اجازت: راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کو مضمون ہذا کے عملیات ذاتی مقاصد کے لیے تیار کرنے کی عام اجازت ہے۔ کسی قسم کی زکات دینے کی ضرورت نہ ہے۔ تاہم کسی دوسرے کے لیے تحریر کریں تو صاحب زکات ہونا ضروری ہے۔

نظرات کوکب اور عملیات

عطارد تسدیس زہرہ

تحریر و تقریر میں کامیابی

۳ مارچ شام ۵ بجکر ۳۶ منٹ

وہ لوگ جن کا تعلق تحریر و تقریر سے ہے اور وہ اس سلسلے میں کچھ مشکلات محسوس کرتے ہیں۔ وہ اس وقت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

عین وقت پر بمطابق شرائط وچال درج ذیل نقش کو تحریر کر کے لاکٹ میں ڈال لیں اور یہ لاکٹ آپ کے گلے میں اس طرح ہو کہ تعویذ سینے پر آ کر رکے۔ انشاء اللہ تحریر و تقریر کے امور میں آپ کو حد درجہ کامیابی حاصل ہوگی۔ نقش اور چال درج ذیل ہیں۔

چال

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۲۶
۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲
۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰
۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

نقش

۵۷	۶۳	۶۹	۲۶	۳۹	۴۵	۵۱
۶۵	۷۱	۲۸	۳۴	۴۰	۵۳	۵۹
۷۳	۳۰	۳۶	۴۲	۴۸	۵۴	۶۷
۳۲	۳۸	۴۴	۵۰	۵۶	۶۲	۶۸
۳۳	۴۶	۵۲	۵۸	۶۴	۷۰	۲۷

۴۱	۴۷	۶۰	۶۶	۷۲	۲۹	۳۵
۴۹	۵۵	۶۱	۷۴	۳۱	۳۷	۴۳

عطارد تربیع زحل

طرفین میں اختلاف، الگ الگ کرنا

۱۴ مارچ صبح ۳ بجکر ۳۱ منٹ

جب ایسے حالات ہوں کہ ظالموں کے گروہ یا غلط لوگوں کے درمیان اختلاف پیدا کرنا یا ان کو باہم الگ الگ کرنا یا ان میں تفریق پیدا کرنا مقصود ہو تو درج ذیل عمل کریں۔

طرفین یا گروہ کے افراد کے نام بمعہ نام والدہ لے لیں۔ پھر درج ذیل حروف کے ساتھ ان ناموں کی بسط حرفی کر کے امتزاج دے۔ جتنے افراد کے درمیان اختلاف پیدا کرنا مطلوب ہو اتنے ہی دفعہ یہ سطر امتزاج الگ کاغذ پر سیاہ روشنائی سے تحریر کریں۔ خیال رہے عمل وقت سے پہلے استخراج کر لیں اور عین وقت پر بمطابق شرائط ان کو تحریر کریں۔ اگر وقت کی پابندی نہ کی تو پھر ان نقوش کے لکھنے کا فائدہ نہ ہوگا۔ بہر حال یہ نقوش تحریر کرنے کے بعد اس کو ایسی زمین میں دفن کر دیں جہاں یہ کاغذ جلد ہی گلنے سڑنے لگیں۔ بہت سخت اور چکنی مٹی نہ ہو۔ پتھریلی ہو تو دفن کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ رضا الٰہی سے ان لوگوں کے درمیان آہستہ آہستہ اختلاف پیدا ہوگا اور وہ ایک دوسرے سے الگ اور ناراض ہو جائیں گے اور اس طرح آپ کا مقصد حاصل ہو جائے گا۔

حروف جن سے سطر امتزاج بنانی ہیں یہ ہیں:-

"ف۔ش۔ذ"

شمس تسدیس زحل

حاجت روہن ترقی

۱۷ مارچ صبح ۲ بجکر ۴۳ منٹ

کوئی بھی حاجت ہو۔ کوئی کام رکا ہوا ہو یا کاروبار یا نوکری میں ترقی نہ ہوتی ہو تو حصول مقصد کے لیے درج ذیل عمل کریں۔

سورہ یٰسین کا سوالاکھ کا چلہ پورا کریں۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ طاق تعداد میں افراد مل کر طاق دنوں میں سوالاکھ کی تعداد کو مکمل کریں۔ یا پھر فرد متعلقہ اکیلا ہی اس تعداد کو چالیس دن میں مکمل کرے۔

٦٤٨	٦٥١	٦٥٤	٦٤٠
٦٥٣	٦٤١	٦٤٧	٦٥٢
٦٤٢	٦٥٦	٦٤٩	٢٤٦
٦٥٠	٦٤٥	٦٤٣	٦٥٥

شمس تسدیس زحل

برائے ہمت حوصلہ اور ثابت قدمی

۱۷ مارچ صبح ۲ بجکر ۴۳ منٹ

وہ لوگ جو معاشرے کا سامنا نہ کر سکتے ہوں اور ثابت قدمی اور حوصلے کی کمی کا شکار ہوں یا ان مسائل کی وجہ سے زندگی میں کامیابی کے حصول میں کامیاب نہ ہوتے ہوں۔ اس وقت تیار کردہ عمل ان افراد کے ایسے تمام مسائل کے حل میں کامیاب ثابت ہوگا۔

درج ذیل نقش معہ چال بمطابق شرائط خالص زعفران سے تحریر کریں۔ اس کی سات نقلیں تیار کریں۔ باری باری ایک ایک نقش تین تین دن پانی میں گھول کر پی لیں۔ انشاء اللہ حصول مقصد ہو گا۔ نقش اور چال درج ذیل ہے:۔

نقش

٩٣	٧٩	٨٦	٩٠
٨٥	٩١	٩٢	٨٠
٨٨	٨٤	٨١	٩٥
٨٢	٩٤	٨٩	٨٣

چال

١٤	١	٨	١١
٧	١٢	١٣	٢
٩	٦	٣	١٦
٤	١٥	١٠	٥

زہرہ تثلیث مریخ

برائے مقبولیت' تسخیر ازدواجی امور

۱۹ مارچ صبح ۱۰ بجکر ۳۰ منٹ پر

یہ وقت جنس مخالف کی تسخیر' ازدواجی فساد کے حل اور خلائق میں مقبولیت کے حوالے سے بہت اہم ہے۔ خصوصاً جنس مخالف کے حوالے سے مجرب ہے۔

وہ لوگ جو ازدواجی فساد اور مشکلات کا شکار ہوں وہ اس وقت سے فائدہ اٹھائیں ورنہ دوبارہ دیر سے یہ وقت آئے گا۔

درج ذیل نقش کو چاندی کی لوح پر کندہ کروالیں۔ اور پھر اگلے سات دن تک صبح کے وقت اس لوح کو نہایت ہلکی آنچ پر گرم ہونے دیں اور دوران جو بھی مطلوب ہو اس کا تصور کریں۔ اور یہ خیال کریں کہ وہ آپ سے دور تھا اور اس عمل کی برکت سے وہ آہستگی کے ساتھ آپ کی سمت آ رہا ہے اور ہم آغوش ہو رہا ہے۔ یہ عمل جتنی دیر مکمل توجہ سے کر سکیں اتنا ہی بہتر ہے تاہم ساتوں دن یہ وقت برابر مقدار میں ہو۔ یہ عمل (تصور) کرتے ہوئے ہلکی خوشبو جلتی رہے۔ نقش اور چال یہ ہے:۔

چال

٩	٢١	١٣	٥	١٧
٣	٢٠	٧	٢٤	١١
٢٢	١٤	١	١٨	١٠
١٦	٨	٢٥	١٢	٤
١٥	٢	١٩	٦	٢٣

نقش

١٠١	١١٣	١٠٥	٩٧	١٠٩
٩٥	١١٢	٩٩	١١٦	١٠٣
١١٤	١٠٦	٩٣	١١٠	١٠٢
١٠٨	١٠٠	١١٧	١٠٤	٩٦
١٠٧	٩٤	١١١	٩٨	١١٥

عطارد تربیع مریخ

کاروبار فیکٹری میں ناکامی نقصان

۲۲ مارچ صبح صفر بجکر ۴۲ منٹ

جب یہ ضروری ہو کہ کسی ظالم یا ناہنجار فرد کا بزنس نقصان اور تباہی کا شکار کیا جائے یا اس کی فیکٹری اور مشین وغیرہ کو کام کرنے سے روک دیا جائے تو عین اس نظر کے وقت کوری مٹی کے برتن پر درج ذیل نقش بمعہ چال و شرائط تحریر کریں۔ اب جس فرد کے لیے عمل تیار کرنا ہے اس کا نام بمعہ والدہ نقش کے نیچے بمعہ عزیمت تحریر کر دیں۔ اس کوری مٹی کے برتن کو کسی پرانی بوسیدہ قبر میں ڈال دیں اور تماشہ دیکھیں۔ یہ عمل کرنے کے بعد قبرستان میں کھڑے کھڑے سات بار ''سورہ الم ترکیف'' پڑھیں اور دشمن یا مخالف کا تصور کر کے اس کی تباہی کی نیت سے اس پر پھونک دیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ ہوا کا رخ اس طرح ہو کہ یہ پھونک آپ کی طرف واپس نہ آئے۔ نقش بمعہ چال وعزیمت درج ذیل ہے:-

چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

۲۳۶	۲۴۹	۲۴۶	۲۴۳
۲۴۷	۲۴۲	۲۳۷	۲۴۸
۲۴۱	۲۴۴	۲۵۱	۲۳۸
۲۵۰	۲۳۹	۲۴۰	۲۴۵

شمس تسدیس مشتری

خوش قسمتی' عزت مرتبہ' حکومت' عہدہ

۲۷ مارچ دوپہر ۳ بجکر ۵۸ منٹ

درج ذیل نقش بمعہ چال تحریر کر کے ضرورت مند ہمہ وقت اپنے پاس رکھے۔ زیادہ بہتر ہے کہ بیک وقت تین نقش یا چاندی کی لوح پر ان کو کندہ کرے۔ ایک نقش یا لوح گھر دوسرے دفتر یا فیکٹری وغیرہ میں رکھے۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنے نام کے اعداد کے مطابق اسم الٰہی یا مالک کا ذکر کریں۔ اللہ سے دعا کریں بالیقین حصول مقصد ہوگا۔

چال

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

نقش

۲۶۵۷	۲۷۶۳	۲۷۶۱
۲۷۶۵	۲۷۶۰	۲۷۵۶
۲۷۵۹	۲۷۵۸	۲۷۶۴

شرف قمر

خانہ آبادی

(شرف کے اوقات اس پرچے کے صفحہ نمبر ۵۵ پر تحریر ہیں۔ یہاں عنوان کے حوالے سے عمل بیان کر رہا ہوں)

عمل:

طالب و مطلوب کے ناموں کے اعداد بمعہ ان کی والدہ کے ناموں کے اعداد ابجد شمس کے مطابق لے لیں پھر ان میں ۳۳۷۷ اعداد جمع کر دیں۔ یہ اعداد تین اسماء الٰہی کی عدد (شمسی) قیمت ہے۔ کل اعداد میں سے ۱۲ عدد قانون کے تفریق کر دیں۔ باقی ماندہ کو تین سے تقسیم کریں۔ جو خارج قسمت آئے اس کو پہلے خانے میں لکھیں اور باقی نقش بلحاظ چال مکمل کریں۔ خیال رہے اگر تین سے تقسیم کے بعد ایک باقی بچے تو خانہ سات میں اور اگر دو باقی بچے تو خانہ چار میں ایک کا اضافہ کر دیں۔ نقش تحریر کرنے کے بعد اسے سرخ کپڑے میں لپیٹ کر کسی میٹھے پھل دار درخت پر لٹکا دیں۔ علاوہ ازیں کل اعداد جو اوپر حاصل ہوئے ہوں۔ ان کا مفرد عدد معلوم کر کے اتنے سو مرتبہ روزانہ اسم الٰہی "یا لطیف" کا ذکر اول آخر ۷ دفعہ درود شریف کے ساتھ روزانہ چالیس دن تک کریں۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔ وہ لوگ جو کسی مجبوری کی وجہ سے یہ عمل خود نہ کر سکیں وہ ادارے سے بنوا سکتے ہیں

چال نقش

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

گذشتہ سے پیوستہ:

عملیات کے موثر اوقات

یوں تو اس حوالے سے کئی امور بہت اہم ہیں لیکن ذیل کی سطور میں جس موضوع پر پہلے روشنی ڈالنا چاہتا ہوں وہ ہے ساعات کا موضوع۔

عملیات اور ساعات کے علوم کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ وہ شخص جو ساعات کو نہیں سمجھتا وہ جان لے کہ اس کے علم میں ایک ایسی خامی ہے جس کو دور کئے بغیر وہ کامیابی حاصل نہیں کر سکتا۔ تاہم ایک بات کی وضاحت کر دوں کہ علم ساعات علم نجوم کے تابع ہے اور عملیات کے شعبے میں اور بھی کئی امور علم نجوم کے تابع ہیں۔ ایک ماہر عملیات کو صرف ان ہی علوم میں نہیں بلکہ اعداد کے علم میں بھی مہارت ہونی چاہیے۔ تب ہی ایسا عمل وجود میں آتا ہے جس کو انسانی حد تک جامع علم و عمل کا نام دیا جا سکتا ہو۔

عملیات و ساعات

ہر دن ایک کوکب سے منسوب ہے۔

جمعے کا دن زہرہ سے

ہفتے کا دن زحل سے

اتوار کا دن شمس سے

پیر کا دن قمر سے

منگل کا دن مریخ

بدھ کا دن عطارد سے

جمعرات کا دن مشتری سے منسوب ہے۔

یعنی دن کے چوبیس گھنٹے کسی نہ کسی کوکب کے زیر اثر آتے ہیں۔ اور پھر بذات خود دن بھی ایک کوکب کے زیر اثر آتا ہے۔

سو آپ جب بھی کوئی عمل کریں تو اس بات کو ضرور مدنظر رکھیں کہ عمل کس نوعیت کا ہے۔ آپ کیا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہیں جب یہ امور واضح ہو جائیں تو ان ہی کی مناسبت سے متعلقہ دن اور پھر اس کے اندر جاری متعلقہ کوکبی ساعت میں عمل تیار کریں۔

ساعات کے منسوبی امور

ساعت شمس: حکومت حاصل کرنے، عہدے میں ترقی، حکومتی ملازمت، مثل بادشاہ بننے کے واسطے، حکومتی اداروں میں ٹھیکے لینے، عروج، عزت و وقار، شہرت، مشہوری و کامیابی کے واسطے، دشمنوں پر غلبہ، وقار و غیر معمولی پوزیشن و طاقت کے حصول کے لئے۔

ساعت قمر: روزمرہ امور کی کامیاب تکمیل، سمندر سے متعلق کام، پانی، ادویات اور دیگر ذرائع مائع اشیاء کا کاروبار کرنے والے یا ان اشیاء سے کسی طور پر منسلک افراد جو متعلقہ شعبے یا کام میں کامیابی کے متمنی ہوں ان کے لئے عمل، کامیابی، محبت، اولاد، قیام حمل، خون سے متعلق امراض، مستورات کے جسمانی و دیگر مسائل کے بارے میں، ردسحر وغیرہ۔

ساعت مشتری: روپے پیسے کے حصول، دولت، رزق میں اضافے، ترقی کاروبار یا ملازمت، مذہب سے متعلق لوگ، استاد یا پڑھائی لکھائی سے منسلک افراد جو اپنے شعبے میں کامیابی کے شائق ہوں، کھانے پینے کی اشیاء سے وابستہ، جائیداد کے حصول، معاملات میں استحکام، روپے پیسے کی فراوانی، لاٹری اور ریس کے ذریعے روپے کا حصول۔

ساعت زہرہ: عورتوں سے متعلق امور، محبت، شادی بیاہ، راگ رنگ، لغویات سے منسوب افراد و کام، اشیاء تعیش کا کام کرنے والے، زبان بندی، زنانہ امراض سے شفا، کاروباری و دیگر حضرات مثل سیاست دانوں کے لئے جن کی طرف عوام کی رغبت کی ضرورت ہو،

اداکار، عامل، حکیم وغیرہ بھی اس میں شامل ہیں۔

ساعت عطارد: زبان بندی، خواب بندی، کاروبار کے چلنے یا بند کرنے کے لئے، لکھائی پڑھائی کے کام، ڈاکٹر یا حکیم وغیرہ کے واسطے، پڑھنے لکھنے والے بچے، تاجر، بزنس مین، کاروبار کی ترقی، علم و دانش میں اضافے، حافظے کو قوی بنانے، زبان دانی، فصاحت و بلاغت، دفع دماغی امراض، کامیابی امتحان۔

ساعت مریخ: جسمانی طاقت، قوت مردانگی، صحت، خاتمہ امراض، غلبہ دشمن، عداوت، مقابلے میں کامیابی، جنگ و جدل میں کامیابی اور بخیریت واپسی، دشمنوں پر رعب قائم کرنے۔

ساعت زحل: طویل مدت کے کام، عمارتوں کا سنگ بنیاد، دشمن میں جدائی، ہلاکت، نامردی، شہرت، عوامی مقبولیت، بزرگی، عظمت، اس وقت میں بادشاہوں، اعلیٰ ترین حکام، امراء بڑے بڑے تاجر، بزنس مینوں اور کاروباری اداروں کے مالکوں کے فائدے و استحکام کے اعمال تیار کئے جاتے ہیں۔

وسعت علم اور ذہانت

مندرجہ بالا سطور عمومی احکام کے بیان کے بارے میں ہیں۔ تاہم یہ حتمی نہیں ہیں۔ ایک فرد دراصل اپنی ذہانت سے راستہ تلاش کرتا ہے اور ایک لکیر کا فقیر، لکیر کو پیٹتا رہتا ہے۔ میں اپنی بات کی وضاحت کے لیے ایک مثال دیتا ہوں۔

حاضرات

ہمارے یہاں آج کل اس موضوع پر بہت شور مچا ہوا ہے۔ ہر عامل کامل حاضرات میں مضمون کے صفحے کالے کر رہا ہے لیکن طالب کو بنیادی بات یا تو بتاتا نہیں یا اس کو خود بھی معلوم ہیں۔ وہ دوست جو جنوں، پریوں، روحوں اور مرے والے لوگوں یا کسی بھی ایسے ہی امر کے لیے عمل کرنا چاہتے ہیں تو ان کو ساعات کے علم سے مدد لینی چاہیے۔ (علم ساعات پر ایک کتاب 'ساعات حقیقی' کے نام سے الگ سے تحریر کر دی ہے۔ اور آپ ادارے سے طلب کر سکتے ہیں)۔ میں آپ کو بتاتا ہوں آپ اگر حاضرات وغیرہ کے شائق ہیں تو درج ذیل ساعتیں آپ کے لیے بنیاد کا کام دیں گی۔

1) قمر

2) مریخ

3) زحل اور

4) عطارد

بنیادی طور پر قمر کی ساعتیں اس مقصد کے لیے زمین ہموار کرتی ہیں۔ تاہم جب آپ ایسی حاضرات کر رہے ہیں جس میں آتش مزاج کی مخلوق سے آپ کا واسطہ ہے یا ایسی حاضرات کر رہے ہیں جس میں آگ کوئی کردار ادا کر رہی ہے یا ایسا عمل ہے جس میں ایسے فرد کی روح کو حاضر کرنا چاہتے ہیں جو قتل ہوا تھا یا جنگ یا حادثے وغیرہ میں مار گیا تھا تو مریخ کی ساعت بہترین نتائج لائے گی۔ اسی طرح کوئی عمومی عمل کر رہے ہیں یا فطری حالت میں مرنے والے کی روح کو بلانا چاہتے ہیں تو پھر زحل کی ساعت بہترین ثابت ہوگی۔ اسی طرح آپ کسی گمشدہ شے یا فرد کے بارے میں معلوم کرنے کے لیے حاضرات کرتے ہیں یا کسی چوری یا کسی خبر کے حصول یا کسی کا نام وغیرہ جاننے کے لیے حاضرات کرنا چاہتے ہیں تو پھر عطارد کی ساعت بہترین ہوگی۔

ایک بات اور سمجھ لیں مریخ، زحل اور عطارد کے ساتھ کسی نہ کسی طریقے سے قمر کا تعلق ضرور ہونا چاہیے پھر ہی مطلوبہ نتائج حاصل ہوں گے۔

یعنی یہ بات سمجھ لو کہ بنیادی طور پر عمل ایک ہے لیکن اس کے متفرق مظاہر سے باقی تمام کہانی بھی تبدیل ہو جاتی ہے۔ آپ اس طور پر ساعتوں سے کام لینا جان جائیں گے تو ہی کامیابی ہوگی۔ میں نے تو صرف حاضرات کی مثال دی ہے لیکن عملی طور پر یہ مثال ہر موضوع، ہر امر اور ہر کام پر لاگو ہوگی۔ مین نے تو اصول بیان کر دیا، بات کو کھول دیا اور اب بھی اگر آپ توجہ نہ دیں، سمجھ نہ سکیں تو پھر اللہ ہی حافظ ہے۔

ان سطور میں ساعتوں کے استخراج اور دیگر ابتدائی اور بنیادی امور پر بحث نہ کروں گا۔ کیونکہ ساعتوں سے متعلق تمام تر امور کو میں اپنی کتاب ساعات حقیقی میں تفصیل سے بیان کر چکا ہوں۔ اس کتاب میں میرا ذاتی تحقیق شدہ قاعدہ جو کہ مروجہ قاعدے سے مختلف ہے بمعہ ساعتیں معلوم کرنے کے نو دیگر قواعد کے شامل ہے۔ اس علم کو حاصل کرنے کے خواہش مند اس کتاب سے رجوع کر سکتے ہیں۔ (جاری ہے۔ دیکھیں اپریل کا راہنمائے عملیات)۔

آپ کی قسمت میں کیا ہے

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے زیر اہتمام زائچہ سازی کا ایک خصوصی پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ آپ بھی زائچہ بنوا کر اپنے یا کسی بھی فرد کی زندگی کے مختلف پہلوؤں اور حالات زندگی کے بارے میں جان سکتے ہیں۔ زیر بحث زائچے میں عمومی طور پر زندگی کے پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کے ساتھ ساتھ زائچہ پیدائش اور خوش قسمتی کے مختلف امور کو بیان کیا جائے گا۔

زائچے میں جو امور زیر بحث آئیں گے ان کی تفصیل یہ ہے۔

۱۔ زائچہ پیدائش بمعہ کواکبی حالت وطالع پیدائش وغیرہ
۲۔ مزاج و کردار
۳۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات
۴۔ محبت اور رومانس
۵۔ مشاغل
۶۔ صحت
۷۔ مالی حالت
۸۔ طریق زندگی
۹۔ کیریئر
۱۰۔ روزگار
۱۱۔ خوش قسمتی کا پتھر
۱۲۔ خوش قسمتی کی دھات
۱۳۔ خوش قسمتی کا رنگ

فیس صرف 400 روپے

آج ہی اپنا
اپنے بیٹے / بیٹی
شریک حیات
یا کسی بھی پسندیدہ
فرد کا زائچہ
بنوائیں۔

زائچہ بنوانے کے خواہش مند فیس بذریعہ منی آرڈر درج ذیل پتے پر ارسال کریں۔ ساتھ ہی زائچہ بنوانے کے لیے ضروری کوائف یعنی نام، تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش خط کے ذریعے ارسال کریں۔

خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11 محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو، لاہور

از: خالد اسحاق راٹھور۔

راھنمائے علم نجوم

(گذشتہ سے پیوستہ)

عنصری / ماہیتی امتزاج: بروج کے عنصری ماہیتی مزاجوں کو ملا کر پڑھا جائے تو ایک نئی دنیا دریافت ہوتی ہے۔ عنصری و ماہیتی ملاپ یوں تو بہت سے معاملات میں زیر بحث بروج کی خصوصیات میں تبدیلی کا باعث ہوتا ہے مگر ذیل میں مختصراً ان کے روحانی پہلو کو بیان کیا گیا ہے کیونکہ آتش بروج حقیقت میں روحانی بروج ہیں اور مادے سے ہٹ کر اس بارے میں بحث کرتے ہیں۔

حمل (آتشی و منقلب): ایسے روحانی مزاج کو ظاہر کرتا ہے جو عملی ہو، موجودہ روش سے ہٹ کر صاف اور علیحدہ ہو۔

اسد (آتش و ثابت): ایسے روحانی مزاج کو ظاہر کرتا ہے جو مستقل، اعلیٰ شریفانہ اور مرغوب کر دینے والا ہو۔

قوس (آتشی و ذوجسدین): ایسے روحانی رویے کو ظاہر کرتا ہے جو منتشر و طولانی ہو اور کسی قدر فلسفیانہ رنگ لیے ہوئے ہو۔

مختلف عنصری بروج کا ملاپ

مختلف عناصر سے تعلق رکھنے والے بروج جب آپس میں ملیں گے تو کس طرح کے اثرات پیدا ہوں گے ان کا جائزہ لینا بھی خالی از منفعت نہ ہوگا اور آپ کو نجوم کے ایک مخصوص پہلو سے روشناس کرے گا۔

آتشی و آبی بروج: جب یہ دونوں آپس میں ملیں گے پانی (آب) آتش (آگ) کو فنا کرنے یعنی بجھانے کا عمل انجام دے گا۔ سو ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان دونوں کے باہمی تعلقات و اثرات ناخوشگوار ہیں۔

آتشی و خاکی بروج: جب یہ دونوں آپس میں ملیں گے تو ظاہر ہے (خاک) مٹی جو بذات خود خشک و بنجر ہوتی ہے اور جلنے سے عاری، آتش کو دبانے کا کام ہی کر سکتی ہے۔

آتشی و بادی بروج: جب یہ آپس میں ملیں گے تو مثبت اثرات پیدا ہوں گے۔ کیونکہ باد (ہوا) آگ کو بڑھانے اور پھلنے پھولنے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔

خاکی بروج: جس طرح آتشی تکون سے تعلق رکھنے والے افراد آگ اور اس کی خصوصیات کے قریب ہوتے ہیں۔ اسی طرح خاکی بروج سے تعلق رکھنے والے مٹی اور اس کی خصوصیات کے قریب تر ہوتے ہیں۔ خاکی تکون کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد کی سب سے اہم خصوصیت مستقل مزاجی کے ساتھ کسی کام کو اختتام پر پہنچانے کی عادت ہے۔ یوں تو بعض دوسرے بروج سے تعلق رکھنے والے افراد بھی محنتی ہوتے ہیں۔ مگر ان کی کام میں دلچسپی اور نوعیت کی ہوتی ہے یہ محتاط طریقے سے آہستگی اور یقین کے ساتھ جدوجہد کرتے چلے جاتے ہیں۔ جب یہ کسی کام یا مہم کی ذمہ داری اٹھالیں تو آپ کو ان کے بارے میں یہ یقین رکھنا چاہیے کہ احساس ذمہ داری کرتے ہوئے مثبت انجام کو حاصل کریں گے۔ افراد جو خاکی تکون سے تعلق رکھتے ہیں نہ تو خود ہی لاپرواہ اور مزاحیہ مزاج کے حامل ہوتے ہیں اور نہ ہی ایسے افراد کو پسند کرتے ہیں جو زیادہ مزاحیہ اور لاپرواہ ہوں۔ جہاں تک ان کی منفی خصوصیات کا تعلق ہے۔ خاکی بروج سے تعلق رکھنے والے افراد کا زندگی کے بارے میں عام رویہ مادی سوچ پر مبنی ہوتا ہے۔ دوسروں کے ساتھ تعلقات میں سرد مزاجی کا مظاہر اور بڑھی ہوئی سنجیدگی بھی کچھ اچھی علامات نہیں ہیں۔ ضرورت کے مطابق زندگی میں تبدیلی نہ کرنا اور روایت پرستی پر قائم رہنا بھی بعض اوقات نقصان دہ ہوتا ہے۔

عنصری / ماہیتی امتزاج: خاکی تکون سے تعلق رکھنے والے کا عنصری و ماہیتی امتزاج کچھ اس طرح ہوگا۔ خاکی بروج

منسوب ہیں جسم و مادہ سے۔ سو اس چیز کی روشنی میں ان کی ماہیتی ملاپ کے ساتھ خصوصیات کو بیان کرتے ہیں۔

ثور (خاکی و ثابت): مادی لحاظ سے گہری شعوری شوچ کے حامل، محنت و مشقت کرنے والے ہوتے ہیں۔ روپے کے خواہش مند، عیاشی کے لئے۔

سنبلہ (خاکی ذوجسدین): اپنی کوتاہیوں و خوبیوں سے واقف تنقیدی نکتہ نظر کے حامل، مادی لحاظ سے روپیہ حاصل کرنا چاہتے ہیں مگر طاقت وقوت کے اظہار کے لئے۔

جدی (خاکی و منقلب): ان کا ذہن مادی فوائد کے ذرائع حاصل کرنے کے طریقوں سے بھرا رہتا ہے یہاں تک کہ یہ فرائض و خدمات بھی صلہ ذہن میں رکھ کر انجام دیتے ہیں۔

مختلف عنصری بروج کا ملاپ

خاکی و آتشی بروج: جب آپس میں ملیں گے تو ظاہر ہے خشک مٹی کو آگ بھوننے اور بریاں کرنے کا ذریعہ بنے گی اور خاک کے کسی کام نہ آئے گی مناسب ان دونوں میں ان کا خشک ہونا ہے۔

خاکی و آبی بروج: جب آپس میں ملیں گے تو خوشگوار اثرات پیدا ہوں گے۔ مٹی کے لئے پانی زندہ کرنے اور طاقت بہم پہنچانے کا عمل انجام دیکر اس کو سرسبز کرتا ہے اور بار آور بناتا ہے۔

خاکی و بادی بروج: جب آپس میں ملیں گے تو ظاہر ہے خشک مٹی کو مزید خشک کرنے کا عمل اور اس کو پھیلانے و منتشر کرنے کا عمل ہوا سرانجام دے گی۔ جو کسی طور پر بھی بہتر اور قابل تعریف نہیں۔

بادی بروج: بادی بروج سے تعلق رکھنے والے افراد دوسرے سے میل ملاپ و تعلقات رکھنے والے، دلیل، توجیہ پسند، نئی و تازہ سوچ کے مالک دانا، حقیقت کا کھوج لگانے والے، نئے خیالات، لوگوں اور جگہوں کی تلاش و جستجو میں رہنے والے، تبدیلی پسند، انسانی ذہانت اور تجربات کی نئی دنیا دریافت کرنے والے ہوتے ہیں۔

ان کی منفی خصوصیات میں عمل کی بجائے ہر وقت نئے منصوبے بنانا، نئے نئے نظریات، اصول اور خیالات پیش کرنا، حقیقی توجہ اور عملی رویے کی کمی، تیزی سے تبدیلی شامل ہیں۔ ان میں اچانک آنے والی تبدیلی ان کے متعلقین کے علاوہ جس ماحول اور معاشرے میں یہ رہ رہے ہوں گے لئے بھی مشکلات پریشانی اور تباہی کا باعث ہوتی ہے۔

عنصری و ماہیتی امتزاج: بادی تکون سے تعلق رکھنے والوں کا عنصری و ماہیتی امتزاج کچھ یوں ہوگا۔ بادی امور کا تعلق دماغی امور سے ہے سو اسی کی روشنی میں انکی ماہیتی ملاپ کے ساتھ خصوصیات کو بیان کرتے ہیں۔

جوزا (بادی و ذوجسدین): یہ ذہنی طور پر نہایت تیز، ہوشیار اور چالاک ہوتے ہیں۔ تیزی سے سوچنے اور باتیں کرنے والے، اپنے اصولوں پر سختی سے عمل کرنے والے اور منطقی ذہن کے مالک ہوتے ہیں بیک وقت کئی محاذوں پر مصروف ذہنی طور پر۔

میزان (بادی و منقلب): ان کے ذہن کا بڑا مصروف اور ہر وقت توازن قائم کرنے کی طرف ہوتا ہے۔ کسی بھی معاملے کے تمام پہلوان کے لئے اہم ہوتے ہیں۔ ہر سوچ کے مخالف سوچ ان کے ذہن میں فوراً آتی ہے۔ مثبت کے ساتھ منفی، منفی کے ساتھ مثبت۔

دلو (بادی و ثابت): یہ ذہنی طور پر غیر منتشر، ایک منصوبہ یا خواہش اور اس کی تکمیل، ان کا اصول اور کامیابی کی وجہ ہوتی ہے۔ ارتکاز توجہ کی وجہ سے مخصوص پیشے یا فن میں مہارت تامہ اور نئی نئی دریافتوں اور تکمیل کا باعث ہوتے ہیں۔

مختلف عنصری بروج کا ملاپ:

بادی آتشی بروج: جب یہ دونوں آپس میں ملیں تو مثبت اثرات پیدا ہوں گے۔ کیونکہ باد و آتش باہم ایک دوسرے کو خوش کن انداز میں ملتے ہیں اور باہمی پھیلاؤ کا باعث ہوتے ہیں۔

بادی و خاکی بروج: جب یہ دونوں بروج آپس میں ملیں گے تو منفی اثرات پیدا ہوں گے کیونکہ باد خاک کو منتشر کرنے اور خشک کرنے کا عمل سرانجام دیتی ہے۔ زمین کے اندر موجود باد حبس زدہ اور غلیظ ہو جاتی ہے جیسے کہ غاروں اور کھوہ وغیرہ کے اندر موجود ہوا۔

بادی و آبی بروج: جب یہ دونوں ملیں گے تو پسندیدہ نتیجہ ظہور پذیر نہیں ہوتا۔ کیونکہ باد کبھی بھی پانی کے دباؤ کو برداشت نہیں کرتی بلکہ

ص ۲

از: خالد اسحاق راٹھور

ایک زوداثر اور یقینی عمل

علم نجوم میں سورج یعنی شمس تخلیق، اقتدار، حکومت، بادشاہت، عزت، وقار، طاقت، شہرت، قوت، جاہ وجلال اور لیڈرشپ سے منسوب ہے- ہر سال جب یہ آسمان پر حرکت کرتے ہوئے برج حمل کے 19 ویں درجے پر پہنچتا ہے تو طاقت ور اور سعد ترین حالت میں ہوتا ہے- عملیات کے میدان میں یہ وقت بہت اہمیت کا حامل ہے- اس سعد اور طاقت ور وقت کے دوران معاشرے میں عزت و وقار حاصل کرنے، بلند مرتبہ، عظمت، شہرت، کامیابی، ترقی، کاروبار، الیکشن میں کامیابی، اعلیٰ عہدہ وحکومت، دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے خصوصی نقش یا لوح تیار کی جاتی ہے- ذیل میں تحریر کردہ طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے آپ بھی اس سعد وقت میں اپنی کامیابی کے لیے نقش ولوح تیار کرسکتے ہیں یا اس مقصد کے لیے ادارے سے رجوع کرسکتے ہیں-

طریقہ عمل

مندرجہ بالا مقاصد کے حوالے سے خصوصی اسماء الٰہی کے اعداد شمسی جو کہ 3542 بنتے ہیں- ان میں سائل کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد ابجد شمسی سے حاصل کر کے جمع کریں- کل اعداد میں سے تیس عدد تفریق کردیں اور باقی کو چار سے تقسیم کریں- جو حاصل قسمت ہو اس کو چال کے مطابق خانہ اول میں تحریر کریں اور اسی کے مطابق تمام نقش مکمل کریں- چار سے تقسیم کرنے سے کچھ بچ جائے تو اس طرح عمل کریں- باقی قسمت ایک ہو تو خانہ تیرہ میں دو ہو تو خانہ نو میں، تین ہو تو خانہ پانچ میں، ایک عدد کا اضافہ کردیں- نقش کی چال یوں ہوگی-

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۲
۱۰	۵	۴	۱۵

ضروری ہدایات:

1- نقش کے ماتھے پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تحریر کریں-

2- چاروں کونوں میں یا اللہ تحریر کریں-

3- چاروں اضلاع کے گرد چاروں مقرب فرشتوں جبرائیل، عزائیل، میکائیل اور اسرافیل کے نام لکھیں-

4- اضلاع کے ساتھ اطراف میں اللہ تعالیٰ کے درج ذیل نام تحریر کریں- یا اللہ یا رافع، یا اللہ یا عزیز، یا اللہ یا فتاح، یا اللہ

5- نقش کے چاروں اضلاع بسم اللہ سے مکمل کریں-

6- نقش کے اردگرد موکل استخراج کر کے لکھیں-

7- نقش کو بہ مرتبہ چال مکمل کریں-

نقش شرف شمس کی مناسبت سے ساعت شمس میں تحریر کریں- میرا مشورہ ہے کہ اس کو سونے پر کندہ کروالیں تو زیادہ بہتر ہے- تاہم اگر ایسا ممکن نہ ہو تو پھر چاندی پر یا بحالت مجبوری کاغذ پر بھی تحریر کرسکتے ہیں- قوی اثرات بالترتیب سونے، چاندی اور کاغذ سے حاصل ہوں گے- آپ اس کو بصورت لاکٹ، انگوٹھی، ہار یا جیب میں رکھ کر استعمال کرسکتے ہیں- قبل استعمال شمس کی مناسبت سے صدقہ

دیں- جو بھی دھات استعمال کریں وہ خالص ہو- لوگ سونے میں چاندی ملا کر لوح تیار کرتے ہیں جو کہ غلط ہے-

شمسی ساعتیں :

ذیل میں کراچی' لاہور' پشاور' کوئٹہ' اسلام آباد اور آزاد کشمیر کی ساعتوں کے اوقات بیان کئے جا رہے ہیں- دوسرے شہروں کے لوگ اپنے قریبی شہر کے اوقات کے مطابق کام کرلیں- ان ہی میں عمل تیار کریں-(جگہ کی کمی کے باعث ان تمام شہروں کی ساعتوں کا بیان ماہ اپریل کے پرچے میں دیکھیں)-

شرف شمس کے سلسلے میں کراچی' لاہور' پشاور' کوئٹہ' اسلام آباد اور آزاد کشمیر کی ساعتوں کی تفصیل اور خصوصی نقش/لوح کے لیے دیکھیں ماہ اپریل کا راھنمائے عملیات۔

وقت شرف:

اس سال شمس کو شرف ۷ اپریل ۲۰۰۱ء کی رات ۱۱ بج کر ۴۳ منٹ پر ہوگا- اس وقت درجہ شرف کی ابتداء ہوگی اور شمس یہ درجہ ۹ اپریل ۲۰۰۱ کو صفر بج کر ۷ منٹ پر طے کرے گا- یعنی ان اوقات کے درمیان آپ ساعت شمس میں یہ نقش تیار کرسکتے ہیں- اس مقصد کے لیے رات کی بجائے دن کا وقت زیادہ موزوں ہے-

بخور : نقش لکھتے یا لوح کندہ کرتے ہوئے صندل و زعفران کا بطور بخور استعمال کریں-

سیاھی : کاغذ پر نقش تحریر کریں تو زعفران خالص اور آب زم زم ملا کر سیاہی تیار کریں-

قلم : کسی پھل دار درخت کی شاخ کو بطور قلم استعمال کریں-

موکل : جس قدر کل اعداد ہوں ان کے حروف استخراج کریں- ان حروف کے موکل نقش کے چاروں طرف تحریر کردیں-

طریقہ استعمال : دو نقش مندرجہ بالا چال سے تحریر کرنے کے بعد ایک نقش ہمہ وقت اپنے پاس رکھیں اور دوسرا نقش اپنے دفتر یا فیکٹری وغیرہ میں اونچی جگہ پر لٹکا دیں- اگر لوح تیار کریں تو وہ ایک ہی کافی ہوگی-

صدقہ : نقش کا استعمال شروع کرنے سے قبل جانور مثلاً مرغ' بکری وغیرہ بقدر گنجائش برنگ سنہرا یا ملتا جلتا بطور صدقہ دیں-

ذکر : جس قدر کل اعداد حاصل ہو اس قدر ان اسماء الٰہی کا ذکر روزانہ طلوع آفتاب کے وقت کریں- کل اعداد کا مفرد عدد حاصل کر کے اتنے ہزار مرتبہ روزانہ ذکر کرنا ہے-

نقش تیار کرنے کا طریقہ کار تحریر کر دیا ہے- وہ اصحاب جو اس کو خود نہ تیار کر سکیں وہ خالد اسحٰق راٹھور' ایڈیٹر ماہنامہ راہنمائے عملیات سے یہ خصوصی نقش و لوح تیار کروا سکتے ہیں- اپنی ضرورت سے پہلی فرصت میں آگاہ کریں تاکہ آپ کو لیٹ ہونے کی وجہ سے مایوسی کا سامنا نہ کرنا پڑے-

دائرہ شمسی

ا 1	ب 2	ت 3	ث 4	ج 5	ح 6
خ 7	د 8	ذ 9	ر 10	ز 20	س 30
ش 40	ص 50	ض 60	ط 70	ظ 80	ع 90
غ 100	ف 200	ق 300	ک 400	ل 500	م 600
	ن 700	و 800	ھ 900	ی 1000	

بسم الله الرحمن الرحیم

اے میرے بھائی تمہیں معلوم ہو کہ علم رمل ایک بلند مرتبہ علم ہے۔ اس کی روایت صحیح اسانید سے کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب عزیز میں فرمایا ہے (اُس ذات نے اُسے قلم کے ساتھ تعلیم دی۔ اُس نے انسان کو اُن تمام کی تعلیم دی جسے وہ نہیں جانتا تھا)۔ علماء نے کہا اور اُنہوں نے قرآن کریم کے لیے تفاسیر لکھیں علم قلم وہی علم رمل ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام میں سے ایک نبی علیہ السلام رمل کا خط کھینچتے تھے۔ جس کا خط اُن کے خط کے موافق ہو جائے اُس کا عمل ٹھیک ہوا۔ اس قدر میں اُس کے لیے کفایت ہے جسے عنایت ملی۔

پہلا سبق رملیہ اشکال کے لیے

اس علم کی بنیاد نقطہ ہے اور اُس کا راز فرد ہے۔ جب عناصر چار ہیں اور اُن کی اساس نقطہ فرد یہ ہے تو ہر عنصر کے لیے ایک نقطہ بنایا گیا ہے اور اُنہیں یہ بات معلوم ہوئی کہ آگ کا عنصر ہوا کے عنصر سے زیادہ ہلکا ہے۔ ہوا کا عنصر پانی کے عنصر اور پانی کا عنصر مٹی کے عنصر سے زیادہ ہلکا ہے۔ یہ بات سب کو معلوم ہے کہ ثقیل خفیف کو اٹھاتا ہے اور خفیف ثقیل کو نہیں رکھتا تو اُنہوں نے عناصر کی ترتیب اس طرح بنائی۔

آگ پھر ہوا پانی اور پھر مٹی ہے۔ ان چاروں کے لیے حروف کے ضابطے مقرر کیے۔ ہر عنصر کے لیے حرف ہے اور وہ اُس کے نام کا پہلا حرف ہے۔ جیسے (ثھمت) یہ اُس شکل کی صورت ہے جو چاروں عناصر سے پیدا ہوئی ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہے کہ یہ عناصر بعض کے ساتھ مل جاتے ہیں اور بدل جاتے ہیں کیونکہ آگ میں پائی جاتی ہے۔ پھر منتقل ہو جاتی ہے اس طرح وہ ہوا پانی اور مٹی میں پائی جاتی ہے۔

اور اس حیثیت سے کہ عنصر چاروں عناصر میں منتقل ہوتا رہتا ہے۔ پس چار چار میں سولہ شکلوں کے برابر ہوتے ہیں۔ چاروں سے ۱۶ کی تولید اس طرح پوری ہوئی۔ اس طرح کہ آگ، ھوا، پانی اور مٹی کے زوج بنائیں۔ آگ و ہوا پھر آگ اور پانی کے زوج (جوڑا) بنائیں اسی طرح سولہ کے آخر تک۔ تزویج کا معنیٰ یہ ہے کہ نقطہ عنصر کے قریب میں دوسرا نقطہ بنایا جائے۔ اہل علم دو نقطوں کو شرطہ کا نام دیتے ہیں۔ جس طرح آگ میں ☰ یہ معنی دیتا ہے ☰ اور یہ تمام عناصر میں ظاہر ہے۔ مثال کے طور پر تزویج ہوا ☰ اور مٹی ☰ اور پانی و ہوا ☰ اور اسی پر قیاس کرو۔

تخت کے بنانے کی معرفت کے لیے ہے

جس طرح تم نے اشکال کی بنیاد اور عناصر کی پہچان کر لی اسی طرح اب تم تخت کی وضع کے بارے میں جانو گے۔ وہ معرفت کے لیے اساس ہے یعنی وہ ضمائر میں مخفی سوال ہے۔ اور جس کی خیر و شر وغیرہ سے تاویل کی جاتی ہے۔ (یعنی خیر و شر کے متعلق بتایا جاتا ہے) جیسے کہ اُن کی تفصیل عنقریب آئے گی۔ تمہیں معلوم ہو کہ علماء نے تخت کی وضع میں اختلاف کیا ہے۔ یعنی چار اشکال کے نکالنے کا طریقہ۔ اُن میں سے مطلق اول اسم امھات ہے۔ تخت کے باقی متعلقات کے بارے میں وہ اتفاق کرتے ہیں۔ اُنہوں نے تخت کی سولہ شکلیں بنائی ہیں پہلی شکل بیت الحیاۃ' دوسری بیت المال' تیسری اخوۃ کے لیے ہے' چوتھی والدین کے لیے ہے۔ ان چاروں کا نام اُنہوں نے امھات رکھا ہے پھر اُنہوں نے اُمھات کے سروں سے شکل لی جو بیت الاولاد ہے اُن کے سینوں سے شکل جسے اُنہوں نے بیت الامراض بنایا۔

زیر نظر مضمون عربی کتاب "منبع اصول الرمل" کا ترجمہ ھے۔ مصنف اس کے عبد الفتاح السید عبدہ الطوخی ھیں۔ انشاء اللہ ھر ماہ اس کتاب کا ترجمعہ ادارہ علم رمل کے شائقین کے لیے باترتیب پیش کرتا رھے گا۔ آپ کی آرا کا منتظر۔
ایڈیٹر خالد اسحاق راٹھور۔

اس سلسلہ وار مضمون کا بیان آئندہ ماہ بھی جاری رھے گا

از: حکیم حبیب اللہ پڑھیار۔

خواص مُرغی و مُرغا

مرغ

کی خاصیت: خاصیت یہ ہے کہ اس کو اپنے بچے سے اُنسیت ہوتی ہے نہ کسی ایک مرغی سے یہ طبعاً احمق ہوتا ہے دلیل یہ ہے کہ جب کسی دیوار سے گر جاتا ہے تو اس میں اتنی سوجھ بوجھ نہیں رہتی کہ اپنے گھر چلا جائے لیکن احمق کے ساتھ ساتھ اس میں بعض خصائل حمیدہ بھی پائے جاتے ہیں۔ جو شمار ماہ مئی 2000 میں پیش کیے جا چکے ہیں۔

طبی نسخے۔ عملیات۔ شعبدات

تلی کے فعل کی خرابی دور کرنا: مرغ کا جوان پٹھا اگر سیاہ رنگ ہو تو بہتر ہے۔ ذبح کرنے سے پہلے ایک تولہ سرکہ پلا کر ذبح کریں۔ آرائش صاف کر کے بہت تھوڑا گھی اور مصالحہ ڈال کر پکائیں۔ اور پکاتے وقت ۲ تولہ سرکہ اور ملا کر ٹھنڈا کر کے کھائیں۔

حیرت انگیز برائے یرقان: ایک مرغ کا بچہ جو تا حال اذان نہ دینے لگا ہو لیکن رات کے وقت ذبح کر کے پیٹ چاک کریں اور گرم گرم مریض کے خصیوں پر باندھ دیں صبح کی وقت کھولنے پر مرغے کا گوشت زرد ہو گیا ہو گا اسی طرح دوسری تیسری شب پھر باندھیں۔ اُمید ہے چار پانچ بار باندھنے سے یرقان سے شفا ہو جائے گی۔ جب آرام آ جائے گا تو گوشت زرد نہ ہو گا (از کنز المجربات)۔

چوزہ مرغ کی مسیحائی: طلا کا بدل۔ اگر رگوں میں سے زہریلا پانی خارج کرنا مقصود ہو تو چاہیے کہ چوزہ مرغ کا قیمہ کر کے قضیب کے موافقت ٹکیہ بنا کر توے پر رکھ کر بھون لیں اور اس پر تھوڑی سی جوائن ملا کر رات کی وقت ٹکیہ مذکور عضو مخصوص پر رکھ کر باندھ دیں چند گھنٹوں میں آبلہ برآمد ہو گا اس وقت اُتار کر اوپر گھی سے لبریز کر دیں مگر یاد رہے کہ ٹکیہ کا وہ حصہ جو توے پر پختہ کیا گیا ہو اس کو چھوڑ کر دوسرا اوپر والا خام حصہ قضیب پر آئے۔ پختہ حصہ اوپر کی جانب رہے اور ٹکیہ صرف ایک پہلو سے ذرا گھی ڈال کر کسی قدر نیم پختہ کر لینی چاہیے یہ ایسی سہل ترکیب ہے کہ انسان طلاؤں کی دردسری اور تیل کشید کرنے کی زحمت سے بچ جاتا ہے اور لطف یہ کہ مفید بہت زیادہ ہے۔ (بقول امام سویدیؒ پاگل اشخاص کو موٹی تازی مرغی کا گوشت دماغ سمیت کھلایا جائے تو شفا ہو جاتی ہے)۔

فارمی مرغی کا ذائقہ گھریلو مرغی جیسا بنانا: فارم والی مرغی کے گوشت کو اگر کھٹی لسی میں کچھ دیر تک بھگو کر پکایا جائے تو سالن کا ذائقہ عام گھریلو مرغی جیسا ہو جاتا ہے۔ بڑے ہوٹلوں میں اکثر دہی ملا کر پکاتے ہیں اس سے گوشت بہت مزے دار پکتا ہے (آزمودہ ہے۔ از جناب شاہد الیاس سلیمی)۔

عمل حصول دفینہ: علامہ بعلبکیؒ اپنے شہرہ آفاق رسالہ خواص المعروف میں لکھتے ہیں کہ اس شکل کو چاندی کی تختی پر لکھ کر مرغ کی گردن پر باندھیں اور جس جگہ خزانے کا مکان ہو اس جگہ اس مرغ کو چھوڑ دیں۔ مطلوبہ جگہ کو وہ مرغ اپنی چونچ سے کرید دے گا اور آواز دے گا تختی پر کندہ کرنے کا نقش یہ ہے:۔

ک	ک		ک
ک	ک		ک
ک	ک	ک	ک
ک		ک	ک
ک		ک	ک

انڈا

انڈا قدرت کا عجیب تحفہ ہے یہ دیکھنے میں جتنا نازک ہے توڑنے میں اتنا ہی سخت ہے۔ آپ بطور آزمائش ایک انڈہ لے کر

اُسے پہلوؤں کے بل ہتھیلی پر رکھ کر اپنے دونوں پنجوں کو ملا کر دبائیں انڈہ نہیں ٹوٹے گا۔ سوال انڈا توڑنے کا ہے یہ نہیں کہ انڈہ پہلے پیدا ہوا یا مرغی آپ چاہے جتنا مرضی زور لگالیں اُس پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔

انڈا تازہ رکھنے کی عجیب ترکیب: جس روز مرغی انڈا دے اس روز اس کا چھوٹا پر اس کے اوپر رکھ دینا چاہیے اس طرح ایک عرصہ تک انڈے خراب نہیں ہوتے مرغی خانوں میں اکثر اسی طرح انڈے رکھے جاتے ہیں۔

کچے پکے انڈے کی پہچان کرنا: انڈے کو لٹو کی طرح گھمایا جائے تو انڈا آسانی سے گھوم جائے اور خوب چکر کھائے وہ پکا ہوا ہوگا۔ کیونکہ انڈے کے اندر کا مواد پک کر جمع ہوا ہوتا ہے اس کے مقابلے میں خام یعنی کچا انڈا ابھی اس تیزی سے نہیں گھومے گا۔ بلکہ اسی وقت ٹیڑھا ہو کر گر پڑے گا کیونکہ اس کے اندر کا مواد پتلا ہونے پر چھلکتا ہے ویسے عام طور پر انڈے کو کان کے قریب لے جا کر ہلایا جائے تو اس سے پتا چل جاتا ہے۔

معین حمل: بیضہ مرغ کو جلا کر خاک کریں اور وہ خاک پانی میں ڈال کر نہار منہ پینے سے کامیابی ہو جاتی ہے۔

بچوں کے سوکڑے اور مسان کے لیے: مرغی کے انڈے کی زردی موٹے کپڑے کی گدی پر رکھ کر بچے کے مقعد پر باندھ دیں جب زردی جذب ہو جائے تو کھول دیں ہفتہ دو ہفتہ یہی عمل دھرائیں۔ (از علاج الانسان با اجزاء الحیوان)۔

کان کا درد اور ورم: مرغی کے انڈے کی سفیدی تازہ کان کے اندر ٹپکائیں اگر کان میں زخم ہو تو سفیدی، پیاز کا عرق اور شہد ہم وزن ملا کر ٹپکائیں، انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔

نئی اور پرانی کھانسی: مرغی کا انڈا اُبال کر چھیل لیں اس کے اندر ہیرا ہینگ ایک رتی ملائیں یا گندھک باریک پیس کر ایک ماشہ ملا کر کھلائیں کھانسی کو آرام آ جاتا ہے۔

سینہ اور پسلی کا درد اور ورم: مرغی کے انڈے کی زردی ایک عدد شہد ۲ تولہ دونوں کو ملا کر کھلائیں یا زردی انڈا ایک عدد مصبر ۳ ماشہ باریک پیس کر ملا کر لیپ کریں اور پر روئی سینکھیں۔

سیلان الرحم اور جریان: انڈوں کا چھلکا اندر سے جھلی صاف کر کے کوٹ چھان کر گائے کے گھی میں بھون کر سرخ کریں ایک سے چار رتی مکھن، ملائی اور دودھ سے کھلائیں بفضل خدا چند یوم کے استعمال سے شفا ہو جاتی ہے۔ کشتہ بیضہ مرغ بھی یہی فائدہ کرتا ہے۔

مقوی دماغ نسخہ: زردی بیضہ مرغ خام دو عدد آدھا سیر دودھ میں خوب اچھی طرح پھینٹ کر اور شہد سے میٹھا کر کے پیا کریں از حد مقوی دماغ چیز ہے۔

تخیر خیز مقوی دماغ چٹکلا: اگر دماغ بالکل خالی ہو چکا ہو اور ذرا سی محنت کرنے سے سر میں درد ہونے لگتا ہو تو زردی بیضہ مرغ تازہ ایک عدد ہتھیلی پر رکھ کر مریض کا کان اُوپر رکھوا دیں۔ انشاء اللہ زردی تمام کی تمام خود بخود دماغ میں چلی جائے گی ایک ہفتے میں دماغ صحیح وسالم اور طاقتور ہو جائے گا۔

کٹے ہوئے زخم کا خون بند کرنا: مرغی کے انڈے کے چھلکے خشک کر کے سرمہ کی طرح باریک پیس کر زخم پر چھڑک کر پٹی باندھ دیں۔

تسہیل ولادت: انڈے کے چھلکے کو باریک پیس کر پانی میں ملا کر عورت کو پلانے سے تسہیل ولادت میں مفید ہے (آزمودہ)۔

معشوق قربان ہو جائے: اتوار کے دن پکھ پنچھتر میں مرغی کا ایک تازہ انڈہ لیں اس کے اندر ایک سوراخ کر کے سفیدی نکال لیں بعد ازاں اس میں اپنی جفرات بھر دو اس کا منہ بند کر کے گھوڑے کی لید میں دبا دو اکیس یا چالیس دن کے بعد نکال کر انڈے کا چھلکا اُتار کر پھینک دیں اندر کی چیز زردی وغیرہ خشک کر کے شیشی میں حفاظت سے رکھ دیں بوقت ضرورت اس میں سے ذرا سے دوا لے کر کھانے وغیرہ میں ملا کر جس کو کھلا دو گے عمر بھر کے لیے غلام بے دام رہے گا (تجربہ شدہ)۔

انڈے کا استعمال شعبدات میں

انڈے کا گھومنا: اگر تیزاب گندھک یا نمک یا شورے کو ایک پانی کے بھرے ہوئے پیالے میں ڈالیں اور جب وہ اس میں حل ہو جائے تو ایک انڈہ چھوڑ دیں انڈہ پانی کی تہہ میں بیٹھ جائے گا مگر تھوڑی دیر کے بعد اس میں سے پانی کے بلبلے نکلنے شروع ہوں گے۔ اور وہ انڈہ خوب چکر کھانے لگے گا۔ واضح ہو کہ سب سے عمدہ تیزاب نمک کا

ہے۔

خونی انڈہ: انڈے کو شوردار زمین میں دفن کر دیں تقریباً سات آٹھ روز کے بعد توڑیں تو اس میں سے خون نکلے گا۔

انڈے کا کودنا: انڈے میں سوراخ کر کے اس میں ایک تولہ سیماب ڈال دیں اور مصطگی رومی یا گوند سے سوراخ بند کر کے گرم برتن یا دھوپ میں رکھ دیں تھوڑی دیر میں انڈہ کودنے لگے گا۔

پیاسا انڈہ: زندہ جونک خالی انڈہ میں ڈال کر سوراخ بند کر کے اس کو پانی کے نزدیک رکھیں تو یہ انڈہ خود بخود پانی میں چلا جائے گا اس کے علاوہ رینگنے والے کیڑے مکوڑوں چھپکلی وغیرہ کو انڈے کے اندر ڈال دینے سے بھی انڈہ ادھر اُدھر حرکت کرنے لگتا ہے۔

باہ میں ہیجان: سیاہ مرغی کی چربی بقدر ۹ ماشہ اپنے پاس رکھنے سے قوت باہ میں زیادتی ہوتی ہے۔

کلغی: بچہ کا بستر پر پیشاب کر دینا مرغ کی کلغی (تاج) بچہ کے گلے میں بطور تعویز لٹکانا اس مرض کو قطعاً دور کر دیتا ہے۔

شوگر: مرغ کی کلغی کاٹ کر مٹی کے آب خورے میں بند کر کے گل حکمت کریں آٹھ نو سیر اُپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر باریک پیس کر چار رتی تک کھلائیں۔

بانجھ پن: سفید دیسی مرغ ذبح کر کے اس کی کلغی لے کر کیپسول میں بند کر کے عورت کو کھلا دیں۔ بانجھ پن کو ختم کرنے کے لیے بہترین چٹکلا ہے (از حکیم غلام سرور شہاب)۔

مغز: ابن وحشیہ لکھتے ہیں اگر سانپ کے کاٹے پر مرغی کا مغز رکھ دیا جائے تو زہر ختم ہو جاتا ہے۔

عورت کو مرد کے تابع کرنا:

خون: ردسحر یا آسیب کا عمل: باوضو ہو کر سفید مرغ کو ذبح کر کے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر (جادو برسر جادو) لکھ کر جہاں وہ مریض سویا کرے وہاں اس کاغذ کو چھت پر لٹکا دیں اس طرح کاغذ مذکور اس کے سینے کے مقابل رہے انشاء اللہ شفا ہو گی (از حکیم غلام سرور شباب) بحوالہ شمس المعارف۔

خصیہ: مرغ کا خصیہ لے کر کسی کلیا میں رکھیں اس کے اُوپر نیچے نمک اندرانی پُر کریں اور گل حکمت کر کے آگ دیں تو ایک سفید رنگ کا سنگریزہ ہو کر نکلے گا اس میں سے تھوڑا سا منہ میں رکھنا وقت پر فائدہ دیتا ہے۔

حب مقوی باہ و ممسک: اگر مرغ کا خون شہد میں ملا کر آگ پر رکھ دیا جائے پھر ذکر پر اس کی مالش کرنے سے باہ اور ذکر کو قوت حاصل ہوتی ہے۔

مرغ کے خصیے نمک لاہوری چھڑک کر آگ پر بھون کر اور خشک کر کے پیس لیں بقدر حاجت شہد میں ملا کر بیر کے برابر گولیاں بنا کر ایک سے دو گولی تک استعمال کریں۔

پتہ: سیاہ مرغی کا پتہ عضو تناسل پر مل کر عورت سے صحبت کی جائے تو وہ سوائے اس کے کسی دوسرے مرد کو قبول نہ کرے۔

صفرادی اور باری کا بخار اُتارنے کے واسطے: پتہ مرغ کے پانی کے پانچ قطرے پتاشا یا شکر میں ملا کر کھلائیں۔

پڑوال: سیاہ مرغی کا پتہ اور گائے کا پتہ دونوں کو ملا کر بال کو اُکھاڑ کر طلا کریں اس سے پڑوال دوبارہ نہیں اُگتے۔

سنگ دانہ مرغ: سنگریزہ اور سنگ مثانہ کے علاج میں سنگ دانہ باریک پیس کر پانی کے ساتھ پینا فائدہ مند ہوتا ہے۔

پنجے: اکسیر سنگ مثانہ: جوان مرغ سفید رنگ لے کر اس کے دو پنجے جہاں تک بال و پر نہ ہوں وہاں سے کاٹ کر کوزہ میں رکھ کر کنڈوں کی آگ میں پھونک دیں حتیٰ کہ بالکل خاک ہو جائیں خوراک ایک ماشہ علی الصبح آب سادہ سے۔ اول تو پہلی ہی خوراک سے ورنہ دوسری خوراک سے تمام کے تمام ریزہ ہائے سنگ مثانہ خارج ہو جائیں گی (از تیز بہدف مجربات)۔

سفید مرغ کے پنجے جلا کر سُرمہ بنالیں یہ سرمہ پھوڑے کو قطع کرنے میں مجرب ہے۔

بیٹ: درد شقیقہ کا علاج: مرچ سیاہ ایک ماشہ مرغی کی بیٹ سوا تولہ مرچ سیاہ باریک کر کے بیٹ میں ملا کر پیشانی پر لیپ کریں انشاء اللہ پانچ منٹ میں آرام آ جائے گا۔ پُرانے سے پُرانا درد شقیقہ میں مفید اور مجرب ہے۔

پھولا اور جالا: مرغی کی بیٹ ایک تولہ شہد دو تولہ میں حل کر کے بقدر ضرورت آنکھ میں لگائیں۔

لوح خوش قسمتی
آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات ونجوم خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر راہنمائے عملیات سے خاص کونی حالتوں یعنی کواکب کے شرف، اوج، سعد نظرات اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروالیں۔
ھدیہ ! یہ لوح چاندی پر تیار ہوگی اور اس کا ھدیہ 1700 روپے ہوگا۔ ھدیہ بذریعہ منی آرڈر درج ذیل پتے پر ارسال کریں۔ اپنے کوائف یعنی نام اور نام والدہ بھی ارسال کریں۔
مکمل اطمینان اور یقین کے ساتھ رجوع کریں
رابطہ ! خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

آپ کا برج

آپ کس برج کے تحت آتے ھیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ھوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ھیں۔

سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ عزیمت برائے رجعت ونحوست سیارگان یوں ہے۔ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَةِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِ یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا، ی، ق، غ	1
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	2
ج، چ، ل، ش	3
د، ڈ، م، ت، ٹ	4
ھ، ن، ث	5
و، س، خ	6
ز، ژ، ع، ذ	7
ح، ف، ض	8
ط، ص، ظ	9

مثال: اکبر = ا ک ب ر = ۱ ۲ ۲ ۲ = ۷

برج حمل

21 مارچ تا 20 اپریل سیارہ۔۔ مریخ

حروف۔۔ ا، ل، ع، ی پتھر۔۔ مرجان دن۔۔ منگل

رنگ۔۔ سرخ دھات۔۔ لوھا، تانبہ عدد۔۔ 9

1-8

برج حمل کے تحت آنے والے افراد کے لیے یہ ماہ خاصی تبدیلیاں اور کامیابیاں لے کر آئے گا۔ اس ہفتے میں آپ کو ذرائع آمدن کے حوالے سے اندرون ملک سفر کرنے کا موقع ملے گا اور خاص طور پر سفر کے لیے ۳ اور ۴ تاریخوں کے دن موزوں ہونگے۔ قسمت آپ کا ساتھ دے گی۔ گھریلو امور میں نشیب وفراز کا سامنا ہوگا۔ ۵ اور ۶ تاریخیں بہتری لائیں گی۔

9-16

یہ ہفتہ اخراجات سیر و تفریح اور ازدواجی معاملات کے حوالے سے خاصا اہم ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ محبت بڑھے گی۔ تقریبات پر اخراجات کا سامنا ہوگا۔ ۱۳ اور ۱۴ تاریخیں سفر کے حوالے سے ناموزوں ہیں اس دن کسی کام کی ابتداء ناخوشگوار واقعات کا باعث بنے گی اس کے علاوہ ۹ تاریخ کے بعد صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔

17-24

اس ہفتے میں کاروباری معاملات، روپے پیسے کے لین دین کے معاملات زیر بحث رہیں گے۔ جنس مخالف کے حوالے سے کوئی جذباتی قدم نہ اٹھائیں پریشانی میں اضافہ ہوگا۔ سیارہ پلوٹو کی رجعت بیرون ملک سفر کرنے والے لوگوں اور جن افراد کا برنس دوسرے شہر میں ہے پریشانی لائے گی۔ ۱۳ تاریخ کے بعد ملازمت پیشہ افراد کے لیے مشکلات آسکتی ہیں لہذا احتیاط کریں۔

25-31

اس ہفتے میں کسی نئی جگہ پر کام ملنے کے امکانات واضح ہیں ذہنی پریشانیاں ختم ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔ دوستوں کی مدد سے کامیابیاں ملتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔ عزت اور شہرت میں اضافہ ہوگا۔ ۲۵، ۲۶ اور ۲۷ تاریخیں ذہنی طور پر آپ کو منتشر کریں گی۔ ۲۸ اور ۲۹ تاریخیں ذرائع آمدن میں اضافہ کا باعث بنیں گی۔ اس ہفتے میں کوئی بھی اہم فیصلہ کرنے اور کاغذی کاروائی کو اچھی طرح دیکھ بھال کر کریں۔

برج ثور

21 اپریل تا 20 مئی — سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ب، د — پتھر۔۔الماس — دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔نیلا — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔6

1-8

برج ثور کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حوت والے افراد فائدہ کا باعث بنیں گے جبکہ حمل افراد پریشانی لائیں گے۔ یہ ہفتہ اخراجات کے حوالے سے نشیب وفراز کا حامل ہو گا۔ ۳ اور ۴ تاریخ کا دن مالی معاملات کے حوالے سے مصروف گذرے گا جبکہ ہفتے کے آخر میں سفر کے امکانات ہیں۔ خاص طور پر ۵ اور ۶ تاریخیں قریبی لوگوں سے ملاقات کا باعث بنیں گی۔

9-16

اس ہفتے میں لوگوں کے ساتھ تعلقات کو خراب نہ کریں بلکہ حالات کو مثبت رُخ کی طرف موڑیں۔ ۹ تاریخ کو سیارہ زہرہ رجعت میں جائے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے یہ رجعت نقصان کا باعث بنے گی لہذا احتیاط سے کام لیں۔ صحت کے معاملات بھی اس ہفتے میں غور طلب ہونگے۔ ۱۱ اور ۱۲ تاریخیں نحوست کا باعث ہیں جبکہ ۱۳ اور ۱۴ شریک حیات کے حوالے سے ناموافق ہیں۔

17-24

اس ہفتے میں سیارہ پلوٹو حالت رجعت میں داخل ہو گا انوسٹمنٹ اور سرمایہ کاری کاروباری لین دین متاثر ہو گا۔ ۲۰ تا ۲۳ تاریخیں کاروباری معاملات میں تبدیلی کا باعث ہونگی کوئی بھی اہم فیصلہ سوچ سمجھ کر کریں۔ عزت ووقار پر حرف آسکتا ہے۔ ۲۱ تاریخ کو شمس برج حمل میں داخل ہوگا آپ کو اخراجات سے اور مخالفت سے واسطہ پڑے گا۔

25-31

اس ہفتے میں ۲۵ اور ۲۶ تاریخیں آپ کے لیے ناموافق ہیں دوران سفر خاص طور پر احتیاط کریں۔ بعض لوگ آپ کی مخالفت پر اتر آئیں گے صحت کے حوالے سے اخراجات اور پریشانی لاحق ہوگی۔ تعلیمی معاملات پر خاص طور پر توجہ دیں حالات آپ کے حق میں ہونگے۔ ہفتے کے آخری دنوں میں مالی حالات قدرے مستحکم ہونا شروع ہوجائیں گے۔ خاص طور پر ۲۸ تاریخ کے بعد۔ لوگوں کی طرف سے مخالفت کا سامنا ہوگا لہذا کنارہ کشی اختیار کریں۔

برج جوزا

21 مئی تا 20 جون — سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔ک، ق — پتھر۔۔زمرد — دن۔۔بدھ

رنگ۔۔زرد، سرخی مائل — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔5

1-8

برج جوزا کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حوت والے افراد مددگار ثابت ہونگے اور عزت وقار میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔ اس ہفتے کے شروع میں کچھ مشکلات کا سامنا ہوگا جبکہ ۳ اور ۴ تاریخیں آپ کو کوئی اہم فیصلہ کرنے پر مجبور کریں گی۔ ۵ اور ۶ تاریخیں ذرائع آمدن کو بڑھائیں گی۔

9-16

اس ہفتے میں ۹ تاریخ کو سیارہ زہرہ رجعت میں جائے گا ازدواجی معاملات کے حوالے سے نحس پوزیشن پیدا کرے گا جوزا افراد کو اس ہفتے میں ازدواجی معاملات یعنی شریک حیات کے تعلقات خراب ہو سکتے ہیں لہذا احتیاط سے کام لیں۔ کاروباری افراد کی اس ہفتے میں شراکتی امور میں زیادہ دلچسپی پیدا ہوگی۔

17-24

اس ہفتے میں سیارگان کی بدلتی ہوئی پوزیشن آپ کے حالات میں تبدیلی لائے گی۔ ۱۸ تاریخ کو سیارہ عطارد برج حوت میں داخل ہوگا اور سیارہ پلوٹو رجعت میں جائے گا جبکہ ۲۱ تاریخ کو شمس برج حمل میں داخل ہوگا۔ لوگوں سے وابستہ امیدیں پوری ہوں گی۔ قریبی رشتے داروں سے حالات مثبت رُخ اختیار کریں گے۔ دوستوں اور

اولاد کی طرف سے پریشانی لاحق ہو گی۔

25-31

اس ہفتے میں ۲۸ اور ۲۹ تاریخیں اخراجات کا سبب ہونگی۔ تعلیمی امور سے دھیان بٹنا شروع ہو جائے گا۔ اس لیے تعلیمی امور کی طرف بھرپور توجہ دیں۔ ۲۹ اور ۳۰ تاریخیں حالات کو بہتر کریں گی۔ شمس اور قمر کی تیسرے گھر کی نظر لوگوں سے وابستہ امیدیں پوری کریں گے۔ کاروباری افراد کو اس ہفتے میں کاروبار کو وسیع کرنے کا موقع ملے گا اور باوقار افراد سے تعلقات وسیع کرنے کا موقع ملے گا۔

1-8

برج سرطان کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں کامیابیوں کے دروازے کھلیں گے اور حالات سازگار ہونگے۔ اس ہفتے میں ۵، ۶ اور ۷ تاریخیں آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ لوگوں کے ساتھ تعلقات وسیع ہونگے۔ ذرائع آمدن کے حوالے سے خاصی تیزی آئے گی اور آپ ذریعہ معاش میں تبدیلی کے خواہاں ہوں گے۔

9-16

اس ہفتے میں سیارہ زہرہ حالت رجعت میں داخل ہو گا جو جنس مخالف کی طرف سے سرد رویہ لائے گا لہذا کوئی ایسا قدم نہ اٹھائیں جس سے عزت وقار پر حرف آئے۔ اس ہفتے میں ۱۳، ۱۴، ۱۱ اور ۱۵ تاریخ کو سفر کرنا آپ کے لیے سود مند نہ ہو گا۔ پریشانی آئے گی۔ صدقہ خیرات دیں۔ صحت کے امور کی طرف توجہ راغب ہو گی۔

17-24

اس ہفتے میں سیاسی اور سماجی حیثیت میں اضافہ ہو گا حلقہ احباب وسیع ہو گا لوگوں کے ساتھ تعلقات آپ کے لیے فائدہ لے کر آئیں گے۔ ۱۸ تاریخ کو عطارد برج حوت میں داخل ہو گا جبکہ شمس ۲۱ تاریخ کو برج حمل میں داخل ہو گا۔ آپ کا کاروبار وسعت اختیار کرے گا اور ہنگامی نوعیت کی تبدیلیاں آئیں گی۔

25-31

ملازمت پیشہ افراد اس ہفتے میں ملازمت کو تبدیل نہ کریں چونکہ بعض معاملات کی وجہ سے حالات ایسے پیدا ہونگے کہ یہ فیصلہ کن تبدیلی لے کر آئیں۔ ادویات کے استعمال میں خاص طور پر احتیاط کریں شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب ہوتے ہوئے نظر آ رہے ہیں اس لیے دیکھ بھال کر قدم اٹھائیں اس ہفتے کے آخر میں بعض لوگ آپ کے لیے مخالفت اور تنقیدی رویہ لے کر آئیں گے۔

1-8

برج اسد کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حمل کے تحت آنے والے افراد فائدہ کا باعث بنیں گے۔ اس ہفتے میں کاروباری معاملات کے حوالے سے کسی نئی جگہ پر سرمایہ کاری کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ اس کے لیے ۳ اور ۴ تاریخیں بہتر ہیں۔ ۵ اور ۶ تاریخیں آپکے اندر رومانوی جذبات کو پیدا کریں گی اور اخراجات کا سامنا ہو گا۔

9-16

اس ہفتے میں پارٹنرز کے ذریعے آمدن میں اضافہ ہو سکتا ہے قرضہ جات کی وصولی کے لیے یہ ہفتہ خاصا بہتر ہے اس لیے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ۹ تاریخ کو سیارہ زہرہ کی رجعت آپ کو عملی اقدامات سے روکے گی لہذا ثابت قدم ہو کر فیصلہ کریں تو بہتری آئے گی اور کامیابی ملے گی۔

17-24

اس ہفتے میں ۱۸ تاریخ کو عطارد برج حوت میں داخل ہو گا اور ۲۱ تاریخ کو شمس برج حمل میں داخل ہو گا وہ اسد افراد جو بیرون ملک سفر اور بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے کوششوں میں ہیں کامیابی آئے گی۔ اساتذہ کرام اور پروقار شخصیت کے حامل افراد سے ملنے کا موقع ملے گا۔

25-31

یہ ہفتہ ازدواجی تعلقات کے حوالے سے حالات کو سازگار بنالے گا اور مشترکہ کاروبار سے آپ کو فائدہ دلائے گا۔ تعلیمی امور کے حوالے سے نمایاں کامیابی ملنے کے امکانات ہیں۔ ملازمت میں ترقی کے روشن امکانات ہیں۔ دوستوں کی طرف سے فائدہ مل سکتا ہے۔ انوسٹمنٹ اور سیونگ کی طرف خاصا رجحان رہے گا۔ غیر متوقع ذرائع سے آمدن ہو سکتی ہے۔

برج سنبلہ

21 اگست تا 20 ستمبر سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔پ، غ پتھر۔۔لاجورد دن۔۔بدھ

رنگ۔۔گہرا زرد دھات۔۔ٹن عدد۔۔5

1-8

برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد کے لیے یہ ماہ خاصی اہم تبدیلیاں لے کر آئے گا۔ اس ہفتے کی ۳ اور ۴ تاریخیں کاروباری حوالے سے تبدیلیاں لے کر آئیں گی۔ ۵ اور ۶ تاریخیں آپ کو خاندان کے بڑے افراد سے فائدہ دلوائیں گی۔ اور کسی کی مدد سے آپ کو کامیابی حاصل ہوگی۔ جنس مخالف سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔

9-16

اس ہفتے میں کسی نئی جگہ سرمایہ کاری اور پیسے کے لین دین میں احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں سیارہ زہرہ کی رجعت آپ کے لیے نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ لہذا احتیاط کریں۔ ۱۳ اور ۱۴ تاریخیں اندرون ملک سفر کے حوالے سے نحس ہیں لہذا ان تاریخوں میں سفر کرنا آپ کے لیے بہتر نہ ہوگا قریبی رشتہ داروں سے تنازعات پیدا ہو سکتے ہیں۔

17-24

یہ ہفتہ آپ کی مصروفیات کی بڑھائے گا اور سیارگان کی بدلتی ہوئی پوزیشن آپ کے لیے ترقی کی نئی راہیں ہموار کریں گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو پریشانی سے نجات ملے گی۔ اس ہفتہ میں رشتہ منگنی، نکاح کے بہت زیادہ چانس ہیں۔ کاروباری افراد کو نئی پارٹنر شپ کا موقع مل سکتا ہے۔

25-31

ازدواجی معاملات کے حوالے سے یہ ہفتہ زیادہ سرگرمیوں کا حامل ہے۔ شریک حیات کے ساتھ اُونچ نیچ ہو سکتی ہے۔ لہذا سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔ غیر قانونی اور قانونی معاملات میں مت الجھیں سیارہ شمس کی پوزیشن آپ کی شہرت کو متاثر کرے گی۔ اس لیے کسی پر زیادہ اعتماد نقصان کا باعث ہوگا۔ پارٹنرز کے ذریعے مال ہاتھ لگ سکتا ہے۔

برج میزان

21 ستمبر تا 20 اکتوبر سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ر، ت، ط پتھر۔۔سنگ دودھیا، ہیرا دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔ہلکا گلابی، نیلا دھات۔۔تانبہ، پیتل عدد۔۔6

1-8

برج میزان کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج اسد کے تحت آنے والے افراد فائدہ کا باعث ثابت ہوں گے۔ ان سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔ ۱ اور ۲ تاریخیں آپ کے لیے نحس ہیں۔ ذہنی سکون برباد ہوگا۔ کسی پریشانی کے آنے کے امکانات ہیں اس لیے اپنی مصروفیات کو کنٹرول کریں۔

9-16

اس ہفتے میں میزان افراد کے شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب ہونے کے چانسز ہیں۔ کاروباری افراد کو اپنے شریک کاروبار کے ساتھ اپنا رویہ محتاط رکھنا ہوگا۔ سیارہ زہرہ کی رجعت آپ کے لیے بے چینی پیدا کرے گی۔ ملازمت کے حصول میں کامیابی حاصل ہو سکتی ہے اس لیے کوشاں رہیں۔

17-24

وہ میزان افراد جو ازدواجی معاملات کے طے پا جانے کے خواہش مند تھے اُن کو خواہشات ۲۱ تاریخ کے بعد پورا ہونا شروع ہو جائیں گی۔ کسی اچھی جگہ سے رشتہ آنے کے امکانات ہیں۔ وہ کاروباری افراد جو کسی اچھے انوسٹر (روپیہ لگانے والے) کی تلاش میں تھے اب سیارگان کی پوزیشن اُن کے لیے بہتری لے کر آئیگی۔

25-31

اس ہفتے میں ملازمت پیشہ افراد کو کامیابی نصیب ہوگی۔ کسی کے توسط سے اچھی جگہ پر ملازمت مل سکتی ہے۔ بلکہ بیرون ملک ملازمت ملنے کے بھی امکانات ہیں۔ حالات آپ کے حق میں ہوتے

ہوئے نظر آتے ہیں۔لوگوں کا تعاون آپ کو حاصل ہوگا۔صحت کے امور پر خاص طور پر توجہ دیں امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔اس لیے امراض کی تشخیص آپ کے لیے بہتر ہے۔

1-8

برج عقرب کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج قوس کے تحت آنے والے افراد مالی فائدے کا سبب بنیں گے۔ہفتے کے شروع میں کچھ مشکلات آئیں گی جن کی وجہ سے ذہنی پریشانی سے دوچار ہونگے۔اس کے بعد حالات بتدریج بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے۔اندرون و بیرون ملک سفر کا موقع مل سکتا ہے۔

9-16

اس ہفتے میں ملازمت کے حوالے سے کچھ منفی صورتحال سامنے آسکتی ہے۔اشیاء خورد ونوش کے استعمال میں بھی خاصا دھیان دیں۔9 تاریخ کو سیارہ زہرہ کی رجعت امراض کا باعث بنے گی۔11 اور 12 تاریخیں اخراجات کا سبب بنیں گی اور حالات کو ناسازگار بنائیں گی اس لیے سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔

17-24

اس ہفتے میں سیارہ عطارد 18 تاریخ کو برج حوت میں داخل ہوگا۔اور پلوٹو برج قوس میں رجعت میں داخل ہوگا ذرائع آمدن کے حوالے سے ایک نحس پوزیشن ہے جبکہ شمس 21 تاریخ کو برج حمل میں داخل ہوگا وہ افراد جو کسی اچھی جگہ پر ملازمت حاصل کرنا چاہتے ہیں اُن کی کوششیں اب رنگ لائیں گی۔

25-31

اس ہفتے میں آپ کی نجی نوعیت کی مصروفیات بڑھیں گی۔شریک حیات کے ساتھ معاملات میں اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں اس لیے اپنے رویے کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔کاروباری اور گھریلو ملازمین آپ کے لیے نقصان کا باعث ثابت ہو سکتے ہیں۔اس ہفتے میں آپ کو تقریبات میں جانے کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔تعلیمی امور کی طرف بھی خاصا رجحان رہے گا۔

1-8

برج قوس کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حوت اور برج جوزا والے افراد خاصی اہمیت کے حامل ہوں گے۔اس ہفتے میں آپ کے ازدواجی معاملات زیر بحث آئیں گے شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی پیدا ہونے کے امکانات میں ہیں مریخ اور مشتری کی مقابلہ کی نظر حالات کو ناسازگار بنائے گی اس لیے ذہن کو منتشر ہونے سے بچائیں۔

9-16

اس ہفتے میں ملازمت پیشہ افراد کو کسی بھی قسم کی منفی صورتحال سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔سیارہ زہرہ برج حمل میں 9 تاریخ کو حالت رجعت میں داخل ہوگا جو کہ صحت کے امور کو بھی ڈسٹرب کرے گا۔بعض افراد سے وابستہ آپ کی امیدیں پوری ہونے کے امکانات کم ہیں اس لیے لوگوں سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں۔گھریلو معاملات کی کشیدگی ختم ہو جائے گی۔

17-24

اس ہفتے میں 18 اور 19 تاریخیں خاصی اہم ہیں سیارہ عطارد برج حوت میں داخل ہوگا اور پلوٹو رجعت میں جائے گا۔آپ کی ازدواجی زندگی کے معاملات کو حل کروانے میں آپ کے گھریلو افراد اہم رول ادا کریں گے۔کاروباری معاملات میں تبدیلی کے امکانات 21 تاریخ کے بعد رونما ہونا شروع ہو جائیں گے جب شمس برج حمل میں داخل ہوگا اچانک فوائد ملیں گے۔

25-31

اس ہفتے میں سیارہ شمس اور مشتری تیسرے گھر کی نظر بنائیں گے اولاد کی جانب سے خوشی نصیب ہوگی۔شراکتی اور کاروباری امور میں فائدہ نصیب ہوگا بعض حلقہ احباب کے افراد آپ کے لیے مددگار ثابت ہونگے۔انعامی سکیموں میں حصہ لینا آپ کے لیے فائدہ

مند ثابت ہوگا۔ تعلیمی امور کے حوالے سے یہ ماہ خاصا اہم ہوگا۔ بہتری کے امکانات نظر آ رہے ہیں۔

برج جدی

21 دسمبر تا 20 جنوری سیارہ۔۔زحل

حروف۔۔ج، خ، گ پتھر۔۔نیلم گاؤمیدک دن۔۔ہفتہ

رنگ۔۔گہرا نیلا، سلیٹی دھات۔۔سونا، پلاٹینم عدد۔۔8

1-8

برج جدی کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج ثور والے افراد فائدے کا باعث ثابت ہونگے۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے ۳ اور ۴ تاریخیں تبدیلی کا باعث بنیں گی۔ ۵ اور ۶ تاریخیں ازدواجی معاملات کے حوالے سے نشیب و فراز لے کر آئیں گی۔ کاروباری افراد کو ان تاریخوں میں جذباتی نوعیت کے فیصلے کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔

9-16

ذرائع آمدن اور کاروباری امور کے حوالے سے یہ ہفتہ خاصا بہتر گزرے گا۔ ۱۱ اور ۱۲ تاریخ کو قمر اور زہرہ کی مقابلہ کی نظر جنس مخالف میں دلچسپی کے امور کو ظاہر کر رہی ہے کسی سے ملاقات اور سیر و تفریح کے مواقع مل سکتے ہیں۔ ۱۳ اور ۱۴ تاریخیں سفر کرنے کے حوالے سے ناموزوں ہیں ہفتے کے آخر میں اخراجات کا سامنا ہو سکتا ہے۔

17-24

یہ ہفتہ آپ کے لیے ذرائع آمدن میں کمی کا باعث بنے گا اور سفر کی طرف آپ کا رجحان بڑھائے گا اس دوران ممکن ہے کہ آپ کو اندرون ملک سفر کرنے کا موقع بھی مل سکتا ہے۔ گھریلو امور میں دلچسپی بڑھے گی۔ اس کے علاوہ عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ گھریلو امور کی ذمہ داریوں کا بوجھ آپ پر پڑ سکتا ہے۔ قریبی جاننے والوں کی طرف سے پریشانی ختم ہوگی۔

25-31

اس ہفتے میں ۲۵ اور ۲۶ تاریخیں آپ کو نجی معاملات میں مصروف رکھیں گی۔ مریخ کی برج قوس میں موجودگی آپ کے لیے مخالفت کے اثرات مرتب کرتی رہے گی۔ اور طبیعت میں لاپرواہی اور ہیجان پیدا کرے گی۔ ہفتے کے آخری دنوں میں صحت کی طرف سے پریشانی لاحق ہو سکتی ہے۔ اس لیے ذہن پر دباؤ کم دیں حالات ساز گار ہوتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔

برج دلو

21 جنوری تا 20 فروری سیارہ۔۔یورانس/زحل

حروف۔۔س، ش، ث پتھر۔۔عقیق یمنی، نیلم دن۔۔ہفتہ

رنگ۔۔سیاہ دھات۔۔پلاٹینیم عدد۔۔4

1-8

برج دلو کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج حوت کے تحت آنے والے افراد مالی معاملات میں بہتری لے کر آئیں گے۔ اس ہفتے میں آپ کی زیادہ مصروفیات گھریلو امور اور اولاد کی طرف رہے گی۔ جبکہ ۵ اور ۶ تاریخیں صحت کے حوالے سے اہم ہونگی۔ چند چھپے ہوئے لوگ آپ کے لیے پریشانی کا سبب بنیں گے۔

9-16

اس ہفتے میں آپ کو ہمسائیوں اور قریبی رشتے داروں کی طرف سے پریشانی لاحق ہوگی اور خاص طور پر اندرون ملک سفر کرتے وقت بھی احتیاط کریں۔ ۱۳ اور ۱۴ تاریخیں اس حوالے سے نحس ہیں۔ کاروباری معاملات کے حوالے سے اس ہفتے میں آپ کی مصروفیات نمایاں رہیں گی۔ بڑی عمر کے لوگ آپ کے لیے فائدہ کا باعث بنیں گے۔

17-24

اس ہفتے میں آپ کے ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا۔ آپ کی پلاننگ کے عملی قدم اٹھانے کا وقت آ گیا ہے۔ اور خاص طور پر ۱۸ تاریخ کے بعد حالات آپ کے حق میں ہونگے۔ ۲۱ تاریخ کے بعد شمس برج حمل میں داخل ہوگا اور سیارہ مریخ کے ساتھ پانچویں گھر کی نظر بنائے گا جو کہ آپ کو قریبی رشتے داروں سے فائدہ اور اندرون ملک سفر کے مواقع ملیں گے۔

25-31

اس ہفتے میں شراکتی امور کو طے کرنے اور شراکتی کاروبار کے حصہ داروں سے بات چیت کرنے کا موقع ملے گا۔ ازدواجی معاملات کے حوالے سے قریبی جاننے والوں کی وجہ سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ لہذا جذباتی نوعیت کے فیصلے نہ کریں۔ اس ہفتے کے

آخر میں آپ کو دوستوں کے ساتھ تقریبات میں شرکت کے مواقع میسر آسکتے ہیں۔اس کے علاوہ تعلیمی امور کے حوالے سے بھی خاصے مصروف گزریں گے۔

برج حوت

21 فروری تا 20 مارچ سیارہ۔۔نیپچون/مشتری

حروف۔۔ذ،چ پتھر۔۔لاجورد، پکھراج دن۔۔جمعرات

رنگ۔۔تیز سبز دھات۔۔ایلومینیم عدد۔۔3

1-8

برج حوت کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج جوزا والے افراد خاصی اہمیت کے حامل ہونگے۔اس ہفتے میں آپ کو اندرون ملک سفر پیش آنے کے مواقع ہیں۔۲ اور ۴ تاریخیں زیادہ تر رجحان گھریلو مصروفیات کی طرف رکھیں گی۔ جبکہ ۵ اور ۶ تاریخ کو دوستوں کے ساتھ سیر وتفریح میں وقت گذرے گا۔

9-16

اس ہفتے میں ذرائع آمدن کے حوالے سے کچھ مشکلات آنے کی توقع ہے۔۹ تاریخ کو سیارہ زہرہ کی رجعت غیر ضروری اخراجات لے کر آسکتی ہے۔خاص طور پر ۹ اور ۱۰ تاریخیں شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ لے کر آسکتی ہیں۔پارٹنرشپ کے ذریعے بزنس کرنے والے افراد کو اس ہفتے میں پارٹنرز کے حوالے سے خاصی احتیاط کرنا ہوگی۔

17-24

یہ ہفتہ آپ کے لیے ترقی کی نئی راہیں ہموار کرے گا اچانک ذرائع آمدن میں اضافہ ہونا شروع ہو جائے گا۔ دوران ملازمت ترقی، پروموشن مل سکتی ہے یا وہ افراد جو روزگار کی تلاش میں ہیں اُن کو اس ہفتے میں نئی ملازمت مل سکتی ہے بعض افراد کو ایڈیشنل ذمہ داریوں سے نوازا جائے گا۔

25-31

اس ہفتے میں مریخ اور شمس کی پانچویں گھر کی نظر آپ کے ذرائع آمدن میں اضافہ کا باعث بنے گی کاروبار وسعت اختیار کرے گا۔گھریلو امور کی طرف سے راحت میسر آئے گی۔سیارہ زحل آپ کے لیے اندرون ملک سفر کرنے میں مشکلات لائے گا۔تعلیمی امور کے حوالے سے کامیابی متوقع ہے۔ ہفتے کے آخر میں آپ کا زیادہ تر رجحان نجی امور کی طرف رہے گا اور مختلف

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ جس پر آپ کا پتہ تحریر ہو ارسال کریں

از: سمیعہ اسحاق راٹھور

عرصہ	21 فروری تا 20 مارچ
حروف	د - چ
حاکم کوکب	مشتری
عنصر	آبی
ماہیت	ذوجسدین
حصہ جسم	پاؤں
موافق نگینہ	پکھراج، عقیق، نیلم، زمرد
موافق دن	جمعرات
موافق نمبر	7
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، جامنی
موافق پھول	گل سوسن
موافق شریک کار	سنبلہ
موافق افراد	ثور، جدی
ناموافق افراد	جوزا، قوس
بائیو کیمک نمک	پلاٹینم

ظاہری شخصیت

برج حوت کے تحت پیدا ہونے والے لوگ جاذب نظر اور متاثر کن شخصیت کے مالک ہوتے ہیں- چہرے کے نقش ونگار بہت دلکش ہوتے ہیں- ان کی جسمانی صحت غیر معمولی اچھی نہیں ہوتی لیکن ان کا جسم بہت متناسب ہوتا ہے- دبلے پتلے اور نازک اندام شخصیت رکھنے والے حوت افراد بسا اوقات دیکھنے والے کو اپنے سحر میں گرفتار محسوس کرتے ہیں- گفتگو کے فن میں ماہر اور موقف کی تائید میں بولتے چلے جاتے ہیں- برج حوت کے زیر اثر آنے والے افراد دوہری شخصیت کی عکاسی کرتے ہیں- پل میں تولہ پل میں ماشہ- کسی وقت ایک معمولی سی بات پر بہت پریشانی و مایوسی کا اظہار کرتے ہیں اور کبھی بڑی سے بڑی تبدیلی بھی انہیں ٹس سے مس نہیں کرتی- انہیں عملاً قدرے سست اور حقیقت سے دور بھاگنے والے کہا جا سکتا ہے- کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت کشمکش میں مبتلا ہو جاتے ہیں- ظاہری طور پر جو بیانات دیتے ہیں ضروری نہیں کہ وہ اندرونی طور پر بھی اس کیفیت میں ہوں یعنی بہترین اداکار بھی کہا جا سکتا ہے- بعض اوقات ان پر یہ محاورہ صادق آتا ہے ''ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ'' دوسروں میں جلد پذیرائی حاصل کر لیتے ہیں اور اپنی خوبصورت جسامت اور پرکشش شخصیت کے باعث اپنی تعریف سننا پسند کرتے ہیں-

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

ہر انسان کی اپنی سوچ، اپنا طریقہ اور ہر کام کرنے کا ایک مخصوص انداز ہوتا ہے- معاشرتی رویئے، خارجی عوامل اور روزمرہ زندگی کے تجربات اس کی سوچ پر خاص نتائج ثبت کرتے ہیں- حوت افراد کے زندگی گزارنے کا بھی ایک لائحہ عمل ہے- جس میں وہ سست تو دکھائی دیتا ہے لیکن ان کاموں کے لیے نہیں جن میں وہ خود دلچسپی رکھتا ہو- زبردستی کروائے جانے والا کوئی بھی عمل حوت کی کارکردگی کو ابھار نہیں سکتا- اپنی زندگی میں مادی آسائشوں کو کم اور روحانی مسرتوں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں- اس برج کے علامتی نشان مخالف سمت جاتی دو مچھلیوں سے ان کی متضاد اور دوہری طبیعت کا اندازہ ہوتا ہے- معاشرے کا ایک حصہ ہونے کے باعث وہ خوشحالی اور محض آگے بڑھنے کو زندگی کا محرک نہیں بناتے- روحانی زندگی گزارتے گزارتے سماجی زندگی میں آنا ان کے خیال میں غلط ہوتا ہے- پیٹ بھرنے کے لیے پیسے کا حصول شرط ہے لیکن روحانی نظریات رکھتے ہوئے وہ ایسا کرنا غلط اور مشکل تصور کرتے ہیں- اس طرح وہ دوہری کشمکش کا شکار ہو جاتے ہیں- اپنے گردو پیش سے لاتعلقی کا رویہ اپناتے ہیں- ان

میں سماجی اقدار و اصولوں سے انحراف کا جذبہ بھی پایا جاتا ہے جو انہیں دوسرے بروج کے تحت آنے والے افراد سے مختلف کرتا ہے۔

حوت فرد بیک وقت دو دنیاؤں کا باسی ہوتا ہے۔ ایک وہ جو اس کے گرد ہے اور دوسری وہ جس میں دوسرے کے ساتھ ہے اور یہی زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ ان خیالی دنیاؤں میں فریب نظر اور خوابوں کا حامل ستارا حوت کو بعض اوقات غیر معمولی کامیابی سے نواز دیتا ہے۔

آزادی پسند اور مقابلے سے گریز کا رویہ

حوت افراد روزمرہ زندگی میں ہر چیز برداشت کر سکتے ہیں لیکن آزادی ان کا سب سے بڑا اثاثہ ہوتی ہے۔ جسے قائم رکھنے کا تقاضا وہ اپنے حلقہ احباب سے بھی رکھتے ہیں۔ جسمانی و ذہنی آزادی کے قائل ہونے کے باعث ہر وقت نت نئے منصوبے سوچتے ہیں۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ جو لوگ بہت زیادہ سوچتے ہوں وہ عمل بہت کم کرتے ہیں۔ خود فریبی کا بھی شکار رہتے ہیں۔ جو انہیں بے چین کرتا اور خیالات میں عدم توازن پیدا کرتا ہے۔ خواہشات کے حصول کے لیے وہ ذہنی بے چینی کے باعث جدوجہد سے گریز کرتے ہیں اس طرح مزید ناکامیوں سے دوچار ہوتے ہیں۔ حقیقت پسندی سے دور بھاگتے اور غلط امیدیں قائم کر لیتے ہیں۔ اس طرح انہیں جہاں کہیں محنت کرنی پڑے یا مقابلہ کر کے مقصد حاصل کرنا ہو تو ان کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ راہ فرار اختیار کریں۔ دو دھاروں میں بہنے کے باعث وہ خود کوئی فیصلہ کرنے سے بھاگتے ہیں۔ جو لازماً نقصان دہ ہوتا ہے لیکن جتنی جلد وہ اپنے اس رویے کو درست کر لیں اتنا ہی بہتر ہے۔

جذباتی اور پیچیدہ شخصیت

حوت افراد کی شخصیت موڈی اور جذبات کی رو میں بہہ جانے کے باعث دوسروں کے لیے بہت پیچیدہ بن جاتی ہے۔ لوگوں کو معلوم نہیں ہوتا ہے کہ کس لمحے وہ کونسی بات قبول اور کونسی بات رد کر دیں گے۔ انہیں بیک وقت ایک چیز اچھی بھی اور بری بھی لگتی ہے۔ جذباتی اس قدر کہ اگر خوش ہیں تو سب کو خوش سمجھیں گے اور اگر اداس تو سارا سماں اداس دکھائی دے گا۔ ان کے اس رویے سے تنگ آ کر ان کے دوست بعض اوقات ان کی اس کیفیت کو سنجیدگی سے نہیں لیتے۔

ملنسار اور شاہ خرچ

حوت افراد اپنے آپ کو خول میں رکھنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ لیکن جن سے واقعی دوستی کرتے ہیں تو پھر ان سے نہایت ملنساری سے پیش آتے ہیں کیونکہ ان کی جذباتی اور منتشر طبعیت انہیں اپنے آپ کو تو وقت دینے نہیں دیتی اس لیے وہ دوسروں کے مسائل حل کرنے میں بہت دلچسپی لیتے ہیں۔ بخیل نہیں ہوتے، جو ان کے غیر مادی ہونے کا ثبوت ہے۔۔ اگر وہ معاشی طور پر خوشحال ہوں تو فوراً اپنا اثاثہ لوگوں میں پھیلا دیتے ہیں۔

فکر انگیز پہلو

حوت افراد کو حساس ترین کہا جا سکتا ہے۔ جن لوگوں کو پسند کرتے ہیں ان پر صرف اپنا ہی حق سمجھتے ہیں۔ بعض اوقات بے حقیقت باتوں پر بھی شبہ کرنے لگتے ہیں اور ایسے موقعوں پر نہایت آسانی سے حاسدانہ جذبات کا شکار ہو جاتے ہیں ان کا یہ جذبہ ان کے لیے نہایت نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ حوت افراد خوشامد پسند اور گاہے بگاہے اپنی تعریف سننا پسند کرتے ہیں۔ خلاف طبع کوئی معمولی سی بات بھی ناراض کر دیتی ہے۔ ایک جگہ ٹک کر نہیں بیٹھتے بلکہ ایک محبت کا یقین ہونے سے پہلے ہی دوسری شخصیت کے گرد منڈلانے لگتے ہیں اس طرح ان کا یہ رویہ انہیں لوگوں میں غیر پسندیدہ کر دیتا ہے۔ قوت ارادی کی کمی کے باعث حوت افراد کو مضبوط قوت ارادی اور خود اعتمادی کے مالک افراد کے ساتھ مل کر رہنا چاہیے۔ اپنے آپ کو ہر وقت ایک گورکھ دھندہ بنائے رکھنے کا عمل بھی ان کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے اس لیے کوشش کریں کہ آپ کی شخصیت اس قدر پیچیدہ نہ ہو کہ لوگ آپ میں دلچسپی لینے کی بجائے آپ سے دور بھاگنے لگیں۔ سست روی چھوڑ کر عملی زندگی کو اہمیت دینا ضروری ہے۔ حوت افراد کی ذہانت بعض اوقات انہیں خود فریبی کا شکار کر دیتی ہے یہ کیفیت حوت افراد کی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب کرتی ہے اور وہ جذباتی عدم توازن کا شکار ہو بیٹھتے ہیں۔ اگر حوت افراد خوابی دنیا سے باہر آ جائیں تو وہ نمایاں کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں۔

حوت خواتین

حوت خواتین گھریلو طور پر بہت پسندیدہ شخصیات ہوتی ہیں- اپنے گھر کو امن، سکون اور محبت کا گہوارہ بنا دیتی ہیں- اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ سماجی زندگی میں ناکام ہوتی ہیں- اپنی ذہانت سے بہت ترقی کرتی ہیں- ہر مسئلے کو فہم وادارک سے حل کرتی ہیں- بہترین یادداشت کی مالک ہوتی ہیں- محبت کا جواب محبت سے دیتی اور محبت کی خاطر ہر طرح کی بازی کھیلنے سے دریغ نہیں کرتی لیکن کسی بھی خفیہ تعلقات رکھنے کی صورت میں انہیں دکھ کا سامنا کرنا پڑتا ہے- حوت خواتین کی شخصیت میں ایک سحر ہوتا ہے ایک وجدانی کیفیت ہوتی ہے جس کے ذریعے بعض حوت خواتین اپنی شخصیت کو مجبور و بے بس ظاہر کر کے مردوں میں پذیرائی حاصل کر لیتی ہیں اور اپنے لیے ان کے دل میں جذبہ ہمدردی پیدا کر لیتی ہیں- بحیثیت بیوی خاوند کے ہر قسم کے سکھ چین کا خیال رکھتی ہیں- حوت خواتین آرٹسٹک طبیعت کی مالک ہوتی ہیں اس لیے ہر چیز کے انتخاب میں ان کی اس خوبی کا استعمال ظاہر ہوتا ہے- شوہر کا انتخاب بھی بہت سوچ سمجھ کر کرتی ہیں- جس پر کافی وقت لگتا ہے پھر شادی کے بعد خاوند سے حد درجہ محبت کرتی ہیں اور انہیں کھونے کا خیال حوت خاتون کو خوف میں مبتلا کر دیتا ہے اس لیے بعض خواتین وفاداری اور محبت کا ثبوت دینے کی کوشش میں اپنے فن اور اپنی شخصیت کو بالکل بھلا دیتی ہیں- نازک اور حساس طبیعت کی مالک ہوتی ہیں- نہایت نفاست پسند ہوتی ہیں- بہترین شریک حیات اور قابل فخر مائیں کہلاتی ہیں-

حوت مرد

حوت مرد کے چہرے کے دلکش نقش و نگار دیکھنے والے کو پہلی نظر میں سحر میں گرفتار کر دیتے ہیں- بہترین گفتگو کا فن انہیں حلقہ احباب میں منفرد کرتا ہے اور بعض اوقات زیادہ اور سچ بولنے پر لوگ ان سے ناراض ہو جاتے ہیں جس پر ان کی کوشش ہوتی ہے کہ اگلی مرتبہ ذرا دھیان کریں- زندگی کو سرسری لینے کی بجائے بہت اہمیت دیتے ہیں- وہ کیا کس وقت کر جائیں، کہنا بہت مشکل ہے- غیر حقیقت پسندانہ خیالات اور دوہری شخصیت انہیں مشکل بنا دیتی ہے- لیکن وہ ہمدرد اور غمگسار ہوتے ہیں- ضرورت مندوں کی حتی الوسع مدد کرتے ہیں- اپنے مفاد پر دوسرے کی دوستی کو ترجیح دیتے ہیں- جو بات ایک مرتبہ کریں اس پر قائم رہتے ہیں- نہایت بہادر اور دلیر ہوتے ہیں- لیکن بلاجواز طاقت کے مظاہرے سے گریز کرتے ہیں اور حکمت عملی سے کام لیتے ہیں- اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کرتے ہیں تلخ سے تلخ بات کو خندہ پیشانی سے برداشت کر لیتے ہیں- دوسروں کی مدد کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں- دوسروں کو بڑی آسانی سے سمجھ لیتے ہیں- تخلیقی لوگ ہوتے ہیں- لیکن صرف چند پیشوں میں ان کی ذہانت کام دیتی ہے مثلاً اداکاری، سائنس اور مصوری وغیرہ-

حوت مردوں میں حالات کو بدلنے کی خاص صلاحیت ہوتی ہے- ہر مسئلہ بہت دانش مندی سے حل کر لیتے ہیں- بہترین شریک حیات ہوتے ہیں اور اپنے حلقہ احباب میں بے حد مقبول بھی- لیکن یہ سب کچھ اس بناء پر ہوتا ہے کہ وہ اپنی شخصیت اور اس کی خوبیوں کو صحیح وقت، صحیح جگہ، صحیح طریقے پر استعمال کرنے کا ہنر سیکھ لیں-

حوت بچہ

بہت حساس اور جلد اثر قبول کرنے والا ہوتا ہے- جاری عمل میں حوصلہ افزائی کام کی رفتار کو تیز کرتی ہے- ناپسندیدگی ان کی خوداعتمادی کو سلب کر دیتی ہے- بعض اوقات بہت اہم کام یا بات بھول جاتے ہیں- جس کی وجہ خیالی دنیا میں دلچسپی ہوتی ہے- عملی بھی ہوتے ہیں لیکن صرف اس سمت جہاں ان کا اپنا رجحان ہو- ان کی تربیت کے لیے والدین اگر طاقت کے استعمال کی بجائے ان کے لیے مثالی شخصیت بن کر رہیں تو زیادہ بہتر ہے کیونکہ حوت بچہ مسلسل ایک خیالی دنیا کا باسی رہتا ہے- جہاں سب کچھ اس کے من پسند ہے اور زندگی کا یہ خوش کن پہلو اس کی چھلکتی آنکھوں اور خوبصورت چہرے سے عیاں ہوتا ہے- حوت بچہ دوسرے بچوں کی طرح ضد، شور اور احتجاج سے اپنی مرضی نہیں منواتا بلکہ اپنے چہرے سے حد درجہ ٹپکتی معصومیت اور کشش سے اپنا مقصد حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے- حوت بچہ اپنی مرضی کا غلام ہوتا ہے اگر کھیلنے کو من ہے اور آپ اسے پڑھنے بٹھا دیں تو وہ قطعاً ایسا نہیں کرے گا- انہیں صرف اور صرف محبت اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے- کتابوں سے دلچسپی رکھتے ہیں اور تقریر و تحریر کے فن سے بھی آراستہ ہوتے ہیں- کچھ حد تک لاپرواہ اور

بڑوں کی محبت کو پسند کرنے والے ہوتے ہیں۔ جو بات کہتا ہے اس کے مطابق وہ سچ ہوتی ہے ایسے میں سخت اور تضحیک آمیز رویے کی بجائے اسے پیار و محبت سے اس سخت و بے رحم دنیا کا سامنا کرنا سکھائیں۔

برج حوت کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج حوت برج حمل کے ساتھ

حوت عورت حمل مرد

حمل مرد کے ساتھ حوت عورت کے تعلقات خوشگوار ہو سکتے ہیں لیکن زیادہ مستحکم نہیں۔ حوت عورت اپنی سستی کے باعث حمل مرد کی عجلت پسندی کا ساتھ نہیں دے سکتی۔ جس کے نتیجے میں حمل مرد حوت عورت کو وقت بے وقت تنقید کا نشانہ بناتا ہے جو حوت عورت پر گراں گزرتا ہے اور ذہنی کوفت کا باعث بنتا ہے۔ بہ حیثیت والدہ بچوں کو جلد متاثر کر لیتے اور مثالی باپ ثابت ہوتے ہیں۔

حوت مرد حمل عورت

حوت مرد کے ساتھ حمل عورت خوشگوار تعلق ہے۔ حوت مرد چونکہ پرکشش شخصیت کا مالک ہوتا ہے اور حمل عورت آئیڈیل پرست اور خوش پوش مردوں کو پسند کرتی ہے اس لیے ان کی زندگی اچھی گزرتی ہے۔ حوت مرد کی سستی کے باعث گھریلو آمدنی کی خاطر وہ خود کام کرنے سے بھی گریز نہیں کرتی گویا اس طرح مالی مشکلات میں خاوند کا ساتھ دیتی ہے۔

برج حوت برج ثور کے ساتھ

حوت عورت ثور مرد

حوت عورت نہایت سگھڑ اور گھریلو امور میں دلچسپی رکھتی ہے اس لیے ثور خاوند اس سے خوش رہے گا۔ بنا کہے اس کی تمام ضروریات پوری کرے گا۔ برج حوت اور ثور میں ایک مماثلت یہ کہی جا سکتی ہے کہ دونوں سست الوجود ہوتے ہیں لیکن اپنی ذمہ داریوں سے حتی الوسع سبکدوش ہونے کی کوشش کرتے اور مثالی زندگی گزارتے ہیں۔

حوت مرد ثور عورت

ثور عورت نہایت جذباتی اور حاسد و شکی مزاج ہوتی ہے۔ آپ کی محبت کے جواب میں محبت دے گی لیکن ہر وقت اس کے دل میں کوئی نہ کوئی شبہ رہتا ہے۔ حوت مرد امن پسند اور خوش مزاج آدمی ہوتا ہے۔ اس لیے اپنی شریک حیات سے بھی امن کی توقع رکھتا ہے۔ امور خانہ داری میں ماہر ثور خاتون غصے میں جلد نہیں آتی لیکن کم عقلی اور ناسمجھی کا طعنہ برداشت نہیں کر سکتی۔

برج حوت برج جوزا کے ساتھ

حوت عورت جوزا مرد

حوت عورت کی حسن پسندی اور آئیڈیل ازم اسے بے پناہ پرکشش جوزا خاوند کے ساتھ بہت خوش رکھتی ہے۔ لیکن جوزا مرد حوت عورت کے حسن کی بجائے اس کی ذہانت و خیالات کو اہمیت دیتا ہے۔ زندگی کی ناؤ کو کسی ذہین عورت کے ہاتھوں میں دینے سے نہیں کتراتا اور پیش رفت کے جواب میں حوت بیوی کو بے پناہ خوشیوں سے نوازتا ہے۔

حوت مرد جوزا عورت

ہمدرد اور غمگسار عورت کی تلاش کرنے والے حوت مرد جوزا عورت کا انتخاب کھلے دل سے کر سکتے ہیں۔ جوزا عورت حوت مرد کے طرح دانشمند اور مجلسی مزاج کی حامل ہوتی ہے۔ حوت مرد بنا مطلع کئے اگر کوئی پارٹی رکھ لیتا ہے تو جوزا بیوی کمال مہارت سے تمام انتظامات کرتی ہے۔ مجلس میں، گھر میں، گھر سے باہر دیکھنے والے ان کی جوڑی کو سراہتے ہیں۔

برج حوت برج سرطان کے ساتھ

حوت عورت سرطان مرد

حوت عورت کی طرح سرطان مرد بھی شریک حیات کا انتخاب اطمینان ہو جانے کے بعد کرتے ہیں۔ حوت بیوی پر بھروسہ کرتے ہیں نہایت متحمل مزاج اور مہربان ہوتے ہیں۔ اگر حوت بیوی ان کی خوشیوں کا خیال رکھے تو شادی کے بعد صرف اور صرف اپنی بیوی کے ہو کر رہتے ہیں۔ بچوں کے ساتھ نرم رویہ اختیار کرتے ہیں۔

حوت مرد سرطان عورت

کسی بھی مرد کے لیے سرطان عورت کو سمجھنا بہت مشکل ہے-حوت مرد کھلا خرچ کرنے والا جب کہ سرطان بیوی کنجوس ہوتی ہے-آپ کی ذراسی بات اسے ناگوار ہوسکتی ہے-اس لئے حوت مرد کو چاہیے کہ وقتاً فوقتاً سرطان بیوی کو اپنی محبت کا یقین دلاتا رہے-

برج حوت برج اسد کے ساتھ

حوت عورت اسد مرد

برج اسد کے حامل افراد خواتین کے لیے نہایت پرکشش ہوتے ہیں-لیکن حوت عورت خاوند کا انتخاب جذباتی ہونے کی بجائے سوچ سمجھ کر کرتی ہیں-اسد مرد کے ساتھ رہتے ہوئے حوت بیوی کو بھی قدرے مردانہ کردار ادا کرنا پڑتا ہے اور اگر آپ اسد خاوند کے معیار پر فٹ آجائیں تو وہ زندگی بھر دوسری عورتوں کے پیچھے نہیں بھاگے گا-

حوت مرد اسد عورت

حوت مرد کی خیالی طبیعت اسد بیوی کو الجھن کا شکار بنا دیتی ہے-لیکن خاوند کی طرف سے اچانک عظیم اور حیرتناک کارنامہ انجام دینے پر وہ اس کی قدر کرنے لگتی ہے-نتیجتاً حوت مرد اپنی اسد بیوی کے آرام وراحت کا خیال رکھتا اور اس سے الگ ہونے کے تصور سے بھی بھاگتا ہے-

برج حوت برج سنبلہ کے ساتھ

حوت عورت سنبلہ مرد

برج سنبلہ کے تحت آنے والے مرد عام طور پر خاموش طبع اور حلیم مزاج ہوتے ہیں-حوت بیوی کے ظاہری حسن کی بجائے اس کی ذہانت کے معترف ہوتے ہیں-شادی کے بعد صرف حوت بیوی کے ہوکر رہتے ہیں-حوت عورت کی نفاست پسند طبیعت کی طرح سنبلہ مرد بھی صفائی پسند ہوتا ہے ذراسی بے ترتیبی بھی اسے پسند نہیں ہوتی-اس لیے حوت بیوی کو احتیاط کرنی چاہیے-

حوت مرد سنبلہ عورت

سنبلہ عورت خوش باش اور تیکھی طبیعت کی مالک ہوتی ہے جو جلد ہی نازک مزاج اور جذباتی حوت مرد سے تنگ آجاتی ہے-اچانک پھٹ پڑنے سے حوت مرد کے جذبات کو ٹھیس پہنچتی ہے-لیکن غلط فہمی دور ہونے پر حوت ایک محبت کرنے والا مرد ثابت ہوتا ہے-

برج حوت برج میزان کے ساتھ

حوت عورت میزان مرد

حوت عورت خیالی دنیا کی باسی ہوتی ہے جہاں حقیقت کا دخل بہت کم ہوتا ہے اسی طرح میزان مرد بھی بعض اوقات اپنے بارے میں حقیقت سے ہٹ کر فیصلے کرتے ہیں-بیوی کی سنجیدہ و مستقل مزاج طبیعت کو پسند کرتے ہیں-ان کی شخصیت انہیں بھاتی ہے-لیکن میزان مرد کو حقیقت کی دنیا میں لانے کی ہر کوشش بے سود واقع ہوتی ہے-

حوت مرد میزان عورت

نہایت متاثر کن جوڑی ہوتی ہے-میزان عورت کا تنقیدی رویہ اور دانشمندانہ حکمت حوت کی روحانی اور وجدانی صلاحیتوں کے ساتھ مل کر زندگی کو سہل بناتی ہیں-ایک جیسے خوابوں کی دنیا میں رہنے کی عادت کے باعث دونوں مطمئن رہتے ہیں-ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں-حوت مرد میزان عورت کا ہر طرح سے خیال رکھتا ہے اور اسے خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے-

برج حوت برج عقرب کے ساتھ

حوت عورت عقرب مرد

حوت عورت متحمل مزاج اور پرسکون ہوتی ہے جب کہ عقرب مرد کا سخت اور غضبناک مزاج بعض اوقات بیوی کے لیے نہایت دل برداشتہ ہوتا ہے اس لیے جب وہ غصے میں ہو تو اس کے راستے سے ہٹ جانا ہی بہتر ہے-حوت بیوی کی طرف سے ہونے والی ذراسی کوتاہی عقرب خاوند کو آگ بگولہ کرسکتی ہے- لہذا نہایت احتیاط کی ضرورت ہے-

حوت مرد عقرب عورت

دونوں جذباتی دنیا میں رہتے ہیں-جمود دونوں کو پسند نہیں متحرک رہنا پسند کرتے ہیں-حوت مرد کے فنکارانہ مزاج اور لطیف جذبوں کو خوابوں کی وادی سے صرف اور صرف عقرب عورت ہی واپس لاسکتی ہے-زندگی اور معاشرہ کیا ہے' بتاتی ہے- حقیقت سے روشناس کرانے پر حوت مرد بھی عقرب بیوی کا احسان مند اور دل و جان سے چاہنے والا بن جاتا ہے-

برج حوت برج قوس کے ساتھ

حوت عورت قوس مرد

برج قوس کا مرد جذباتی نہیں ہوتا لیکن اس کی خوش مزاجی اور ہمدردانہ رویہ قابل ستائش ہوتا ہے۔ قوس مرد کی کشادہ ذہنی اور فراخدلی حوت عورت کے لیے اسے پسندیدہ بناتے ہیں۔ شادی کے بعد قوس خاوند اپنی بیوی پر کسی قسم کی پابندی نہیں لگاتے اور ہر جگہ اپنے ساتھ رکھنے میں عار محسوس نہیں کرتے۔ بہترین رفیق حیات ثابت ہوتے ہیں۔

حوت مرد قوس عورت

ظاہری حسن و جمال اور خوبصورتی حوت مرد اور قوس عورت کی شادی کا باعث تو ہو سکتے ہیں۔ لیکن دونوں ازدواجی زندگی گزارنے میں مشکل کا سامنا کرتے ہیں۔ آزاد طبیعت قوس بیوی پر حوت مرد کے ہر لمحہ بدلتے رویے مایوسی اور افسردگی پیدا کرتے ہیں۔ صرف تعاون اور معاونت و مفاہمت سے ہی دونوں کامیابی سے زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج حوت برج جدی کے ساتھ

حوت عورت جدی مرد

جدی مرد اپنے اوپر ایک خول چڑھا کر رکھتا ہے۔ جس سے اسے سمجھنے میں حوت عورت کو خاصی دشواری ہوتی ہے۔ اگر حوت بیوی اسے گھر میں سکون مہیا کرے تو جدی مرد جو مصائب سے گھبرا جاتا ہے اور گزرتے وقت کا ساتھ تیزی سے نہیں دے سکتا گھر میں رہنا پسند کرتا ہے۔

حوت مرد جدی عورت

میاں بیوی کی حیثیت سے ان کی زندگی خوشگوار گزر سکتی ہے۔ اس کے لیے جدی بیوی کو اپنی خواہشات اور احساسات سے برعکس حوت مرد کے خیالات و نظریات کے مطابق ہر کام کرنا ہوگا کیونکہ حوت ہر کام میں اپنی مرضی چاہتا ہے۔ اس طرح وہ اپنی بیوی سے خوش ہوگا ورنہ نہایت الجھن' پریشانی اور اضطراب کا شکار ہو جاتا ہے۔

برج حوت برج دلو کے ساتھ

حوت عورت دلو مرد

دلو مرد کو سمجھنا زیادہ مشکل نہیں ہوتا۔ چہروں کو بھانپ لینے کی صلاحیت رکھنے والی حوت بیوی اپنی اس خاصیت کی بدولت جلد دلو شوہر پر قابو پا لیتی ہے۔ دلو کا حلقہ احباب اس قدر وسیع ہوتا ہے کہ اس میں سائنس دان سے لے کر خبطی لوگ بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ لیکن ان کی اس خامی کو ان کا کشادہ ذہن' فراخدل اور نفیس طبیعت ڈھانپ لیتی ہے۔

حوت مرد دلو خواتین

دلو خواتین کے لیے حوت مرد کے ساتھ رہنا امر محال ہے۔ حوت مرد ہمیشہ یہ چاہے گا کہ دلو بیوی اس کی خواہشات کے مطابق ہر کام کرے۔ لیکن دلو بیوی کے لیے ایسا کرنا مشکل ہوتا ہے۔ پھر بھی وہ مصائب و پریشانیوں میں دانشمندی اور فراست سے کام لیتی ہیں تو حوت مرد اس کی خوشی کا خیال رکھتا ہے۔

برج حوت برج حوت کے ساتھ

حوت عورت حوت مرد

حوت مرد تصوراتی اور خوابوں کی دنیا میں مگن رہتا ہے۔ دل کی بات بہت کم زبان پر لاتے ہیں۔ کبھی ناراض اور کبھی فوراً خوش ہو جاتے ہیں۔ حوت بیوی خاوند کے مزاج کو بہت جلد سمجھ لیتی ہے اور یہ بھی کہ وہ کس وقت کیا چاہتا ہے۔ دوسروں کی خوش حالی کے لیے ہمہ وقت کمربستہ رہتے ہیں۔ قلندرانہ طبیعت ہونے کے باوجود بیوی کا حد درجہ خیال رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

حوت مرد حوت عورت

حوت مرد و عورت دونوں حقائق کا سامنا کرنے سے گریز کرتے اور گھریلو ذمہ داریوں کو پسند نہیں کرتے۔ ان عادات کی بنا پر دونوں کو زندگی میں الجھنوں اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن مشترکہ عادات کی بنا پر دونوں ایک دوسرے کو جلد اور اچھی طرح پرکھ اور سمجھ لیتے ہیں اور یوں اچھی اور کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔

مجموعہ اعجاز عیسوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لکھ قلم پہلے حمد رب ودود — کہ ہر اک جا پہ ہے وہی موجود

ذات معبود جاودانی ہے — باقی جو کچھ ہے وہ فانی ہے

امابعد حمد اور صلوۃ کے واضح ہو شائقان امور غیب وطالبان رموز لاریب کو کہ زمانہ سابق میں فقیر بے توقیر نے چند رسالے مختصر عالم تعبیر خواب و پھڑ کنے اعضا وغیرہ میں حسب الحکم فیاض زمان تاجدار ذیشان جناب حاجی شیخ رجب علی صاحب قبلہ مدظلہا کے تالیف کئے تھے چنانچہ شیخ صاحب موصوف نے قدردانی فرما کر چھپوا دیئے شائقوں نے جان بیچ کے خرید فرمائے بالفعل کہ جناب شیخ صاحب حج کر کے تشریف لائے فرمایا کہ رسالے تیرے سب بہت مقبول ہیں۔ تجھ کو لازم ہے کہ ان رسالوں کو نئے سرے سے ترکیب کروا اور خواب وتعبیر خواب جدول میں لکھ کر موجب بقائے نام تیرا اور میرا اس دار فانی میں ہو اور نفع کثیر اس سے خلائق کو پہنچے۔ چنانچہ فقیر بے توقیر نے باوجود گردش زمانہ کج رفتار کے کہ مہلت دم زدن کی نہ تھی۔ مگر بجا آوری ارشاد شیخ صاحب موصوف کو سعادت اپنی جان کر کمر ہمت چست باندھی اور آٹھ رسالوں پر اس مجموعہ کو مرتب کیا۔ رسالہ اول کہ اس میں قواعد واصول وتعبیر دینے خواب کا بیان ہے نام اس کا تعبیر نامہ خواب رکھا رسالہ دوم کہ اس میں تشریح خواب وتعبیر خواب کہ منقول حضرت یوسف علیہ السلام سے ہے۔ نام اس کا تعبیر نامہ یوسفی رکھا۔ رسالہ سوم اس میں حال پھڑ کنے اعضا کا ہے جس سے نیک و بد عیاں ہے منقول حکیم ارسطو سے ہے۔ نام اس کا ارسطو نامہ رکھا رسالہ چہارم کہ اس میں علم قیافہ وحال سامدرک وقاعدے غالب ومغلوب کے کہ استخراج کئے ہوئے حکیم افلاطون کے ہیں نام اس کا افلاطون نامہ رکھا۔ رسالہ پنجم اس میں طریقے سے سچ فال کھولنے کے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حافظ شیراز علیہ الرحمتہ سے بیان نام اس کا فالنامہ رکھا۔ رسالہ ششم کہ اس میں نقش واسطے حب وبغض ودفع جن وپری وچڑیل ودفع ہر امراض اور واسطے حب اطفال کے ہیں اور آزمائش فقیر میں رہتے ہیں اور صد بابار آزمائے ہیں معہ دیگر قواعد کے لکھ دیئے ہیں نام اس کا اعجاز عیسوی رکھا۔ رسالہ ہفتم کہ اس میں بیمار کی صحت کی تدبیر ہے نام اس کا صحت نامہ رکھا۔ رسالہ ہشتم کہ اس میں اندرجال کے چند شعبدے کہ جو بہت اچھے ہیں اور ان شعبدوں کو اکثر اتاب کرتے ہیں۔ اور یہ کمترین بھی ان شعبدوں کو کرتا ہے وہ بہت سہل ہیں اور کچھ ان میں دقت نہیں ہے وہ بھی لکھ دیئے ہیں نام اس کا طلسم حیرت رکھا امید ہے کہ ناظرین باریک بین ونکتہ سنجان بالمکین سے یہ ہے کہ ان اوراق پریشان کو بدل جمعی تمام ملاحظہ فرمائیں جہاں کہیں سہو یا غلطی پائیں خالصاً اصل سے بنائیں اور جو بات فائدے کی معلوم کریں اس سے نفع اٹھائیں تو جناب شیخ صاحب موصوف اور اس عاصی پر معاصی حقیر فقیر محمد عیسیٰ مؤلف مجموعہ ہذا کو بدعا کے خیر یاد فرمائیں یاد الٰہی اپنے حسن عنایت سے بہ طفیل رسول مقبول ﷺ اس مجموعہ رسائل کو

حسب وعدہ اس ماہ بھی ایک نئی کتاب لے کر حاضر ہیں۔ آپ اپنی پسند کے موضوعات کے بارے میں لکھ سکتے ہیں۔ آئندہ کس موضوع پر کتاب شامل اشاعت ہو (ایڈیٹر)

مقبول طبع خلائق اور خاتمہ اس گنہگار کا خیر باد۔

مناجات

بخواہم ز درگاہ پروردگار — گز دیابد امید امیدوار
کہ ہر کس بریں نسخہ ساز د نظر — باین خشم کز علم یابد خبر
خار ایش مطلب رساند زود — کہ آں مقصدش زود باید کشود

آمین اللھم آمین تاویل نامہ آغاز کیا جاتا ہے بیچ بیان اور اصول خواب کے معلوم ہو کہ شب نور سے خالی ہے زوال ماہ کی کیفیت سب پر عالی ہے۔ اور ان وقتوں میں تعبیر خواب نہ کہے ایک وقت طلوع وغروب دوسری مابین اذان واقامت اور ادائے فریضہ کے تیسرے ابرر اور آندھی میں چوتھے وقت گہن پڑنے آفتاب یا مہتاب کے پانچویں آگے طفل نافہم کے چھٹے روبر جاہل گستاخ کے اور خواب کے مراتب کے بھی رکھنا ضرور ہے۔ کہ خواب کئی قسم کا ہوتا ہے۔ ایک خواب حاکم اور بادشاہ کا دوسرا امیر وزیر اور رئیس کا تیسرا فقیر اور محدث اور زاہد اور عابد کا چوتھا غلام اور کنیز کا پانچواں جمہور کا چھٹا تونگر اور سوداگر کا ساتوں فقرائے دریوزہ گر کا آٹھوں عورت ذی عفت وعصمت کا نواں زن فاحشہ وبدمست کا۔ حضرت یوسف علیہ السلام سے منقول ہے کہ رات کا خواب گو کہ سچا ہوتا ہے مگر نتیجہ اس کا ظاہر دیر میں ہوتا ہے اور صبح کا خواب سریع الاثر ہے ظہور اس کا جلد تر ہے اور خواب سے جب چونکے بیدار ہے کہ سو جانے میں تاثیر بدل جاتی ہے بہتری کے عوض برائی پیش آتی ہے اگر برا خواب دیکھے اور گھبرا کے آنکھ کھل جائے تو زمین پر تھوکے اور کروٹ بدل لے اور استغفار پڑھے اور جلد وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور جس قدر ہو سکے درود شریف پڑھے اور موافق توفیق کے اللہ دے صدقہ رد بلا ہے۔ انتباہ ایک بیاض قلمی چھ سو برس کی لکھی ہوئی کتب خانہ علاؤ الدین غوری کے غور سے بیچ نظر فقیر کے گزری کہ روایت بھی حضرت امام جعفر صادق علیہ الرحمتہ سے کہ میں نے دیکھے ہوئے خواب کو آزمایا مگر مطلق اس نقش کا تجربہ پایا (نقش یہ ہے):-

تعبیر ایں تاریخ ہائے دروغ		تعبیر ایں تاریخ ہائے بعینہ است		ایں تاریخ ہائے تعبیر اند

۱	۱۲	۲	۴	۶	۶	۱۶	۷
۴	۲۰	۳	۱۱	۱۵	۱۵	۱۷	۹
۲۱	۲۹	۲۳	۱۸	۲۲	۲۲	۲۵	۸
۱۰	۲۴	۲۴	۲۵	۳۰	۳۰	۲۶	۱۰

معلوم ہوا کہ موافق لکھنے سابق کے تعبیر ہر ایک کے خواب کے موافق مدارج اس کے دی اور معبر کو چاہیے۔ کہ وقت دینے تعبیر خواب کے طبیعت ہر طرف سے حاضر کرے اور بگوش ہوش خواب سن کر تعبیر بحضور قلب جو کچھ سمجھ میں آوے بیان کرے مگر بہتر یہ ہے اگر خواب برا بھی کوئی بیان کرے تو تعبیر اچھی دے کہ فال زبان بافال قرآن مشہور ہے۔ حکایت مناسب اس مقام کے لکھی جاتی ہے کہ ایک بی بی نے خواب دیکھا کہ دریا کا تمام پانی پی گئی ہوں صبح کو اپنی کنیز بے تمیز کو کہا کہ میرے مرشد پاس جا تعبیر خواب کی لے آ اور خبردار کسی سے بیان نہ کرنا چپکی چلی جانا کنیز بے تمیز کہ نہایت فاحشہ تھی راہ میں اپنے یار سے ملاقات ہوئی یار عیار نے کہا کہاں جاتی ہے کہاں سے گھبرائی ہوئی آتی ہے۔ سچ کہ تیرا کیا حال ہے تجھے اس وقت کیا ملال ہے لونڈی نے کہا کچھ نہ پوچھ میری بی بی نے خواب دیکھا ہے۔ تعبیر اس کی لینے جاتی ہوں ابھی پھر آتی ہوں۔ یار نے پوچھا کیا خواب ہے اچھا ہے یا برا۔ لونڈی نے کہا بی بی نے منع کیا ہے کہ کسی سے راہ میں بیان نہ کرنا۔ جب یار عیار نے بہت اصرار کیا لونڈی نے خواب کے بیان میں انکار کیا یار عیار نے جب نہ مانا لونڈی نے کہا کہ بی بی نے خواب دیکھا ہے کہ تمام پانی میں دریا کا پی گئی ہوں۔ یار نے کہا اگر تمام پانی دریا کا پی جائیں تو پیٹ پھٹ جاتا ہے پس ویسے ہی پیٹ پھٹ گیا تعبیر خواب صادق آئی جب لونڈی بی بی کے مرشد کے پاس گئی مرشد کہ روشن ضمیر تھے فرمایا کہ اب تعبیر خواب کیا پوچھتی ہے تعبیر خواب تو راستے میں لے آئی جا حال بی بی کا دیکھ لونڈی جب مکان پر آئی۔ بی بی کی غیر پائی پیٹ پھٹا ہوا پایا۔ پس احتراز کرنا بیان خواب کا شخص جاہل سے ضرور ہے اور حدیث سے بھی ثابت ہے کہ سچا ہونا خواب کا رکن نبوت ہے۔ اور خواب سچے کا سچا اور خواب جھوٹے کا جھوٹا ہوتا ہے۔ اور کافر و مشرک وحائض وجنب کا اکثر جھوٹا ہوتا ہے اور کبھی سچا بھی ہوتا ہے۔ اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب مسلمان کا بہتر ہے خواب

کافر سے اور خواب عالم کا خواب جاہل سے اور خواب مرد خواب عورت سے اور آزاد خواب غلام سے اور خواب متقی وصالح خواب مفتری ومفسد سے اور خواب ہشیار خواب مست سے۔

فائدہ: بعضے معبروں نے تعبیر بالحرف کی ہے۔اس صورت سے خواب دیکھنے والا جب کیفیت بیان کرے معبر گوش دل سے سنے اول جو حرف بیان سے نکلے خیال رکھے۔بعدہٗ تطبیق سے تعبیر دے اگر سر کلمہ الف ہے تو امن وامان سے رہے یا اشتر یا اسپ یادے اور اگر ب ہے باب علم اس پر کھلے یا مال میں برکت زیادہ ہو اور اگر ت ہے تائید وتہنیت سمجھے اور اگر ث ہے ثابت قدم ایمانداری پر رہے اور اگر ج ہے جلال اس کا زیادہ ہم جنسوں میں ہو اور اگر ح ہے تو حرمت جہاں کہیں کہ جاوے امیر خواہ خواہ وزیر خواہ رئیس خواہ فقیر کے پاس بہت اور ہوشیار ہووے درجہ کمال نصیب ہو اور اگر خ ہے خیر و عافیت سے رہے اور خزانہ غیب سے روزی پاوے اور اگر د ہے دلیل زیادتی دولت کی ہے اور اگر ز ہے تو زمانہ میں مبتلا ہو اور اگر س ہے سعادت بدرجہ کمال ہو اور سخی ہو جائے اگر بخیل ہو۔اور اگر ش ہے شکر نہایت کرے اور شر اعدا سے بچے اور اگر ص ہے صبر کرے اگرچہ صعوبت میں مبتلا ہو۔اور اگر ض ہے۔ضعف کی کثرت ہو۔ضیق بشدت ہو۔اور اگر ط ہے طرب حاصل ہو۔اور ظ ہے۔ظلم ظالم میں مبتلا ہو مگر جلد نجات پاوے اور اگر ع ہے علم قرآن حاصل ہو اور اگر غ ہے غصہ اور غصب میں شامل ہو۔اور اگر ف ہے فراق معشوق سہے اور مبتلائے درد رہے۔اور اگر ق ہے۔قرضداری سے نجات پاوے اور

اگر م ہے محبت میں کسی معشوق کے مبتلا ہو اور اگر ن ہے نعمت غیر مترقبہ ہاتھ آوے یا نقصان ندامت اٹھاوے اور اگر و ہے ورثہ پاوے اور اگر ہ ہے ہدیہ پاوے یا حاکم اس کو حرمت میں رکھے اور اگر لا ہے لاحول کا وردر ہے نہیں تو شیطان اس پر غلبہ کرے گا اور اگر ی ہے یمن اس کے واسطے۔ فائدہ بعضے بزرگوں سے اس طرح استفاد ہوا ہے کہ جب مضمون خواب بخوبی سمجھ میں آوے۔تو خواب دیکھنے والے کا نام دریافت کر کے عدد نکالے اس میں گیار کو گیارہ سے طرح دے جو باقی رہے اس میں فکر کرے اگر (۱) باقی رہے نامراد رہے۔ اگر (۲) باقی رہیں رنج میں مبتلا ہو۔سفر کا سامنا ہو۔مگر نقصان سے محفوظ رہے۔اگر (۳) رہیں تین تیرہ بارہ باٹ ہو جاوے اگر (۴) رہیں دولت سے دو چار رہے۔اگر (۵) باقی رہیں۔ سرپنچ کسی بڑے معاملے کا حاکم کی طرف سے ہو۔ اگر (٦) رہیں چھ پر چھ دن یا چھ مہینے یا چھ سال دولت سے مالا مال ہو۔ اگر (۷) رہیں جانور سے فائدہ اٹھائے۔ اگر (۸) رہیں پیر کاٹھ میں پڑے محبوس ہو جائے۔ اگر (۹) رہیں دشمن سے مقابلہ پیش آوے۔مگر دشمن پر غالب رہے۔اگر (۱۰) رہیں ثواب عظیم سے بہرہ پاوے۔ اگر (۱۱) رہیں سرداری و ریاست پاوے۔ اگر غریب ہو۔امیر ہو جاوے۔واللہ اعلم بالثواب۔

آغاز رسالہ تعبیر نامہ یوسفی

بسم اللہ الرحمٰن الرحمٰن

یہ رسالہ جو دوسرا ہے عیان

یہ کتاب آٹھ رسائل پر مشتمل ہے۔ اس میں بالترتیب درج ذیل موضوعات زیر بحث آئے ہیں۔ آپ کے محبوب ماہنامے میں یہ تمام رسائل پیش کئے جا رہے ہیں۔ موضوعات کی تفصیل یوں ہے۔

۱) اصول و تعبیر خواب
۲) خواب نامہ
۳) اعضاء کا پھڑکنا۔ ارسطو نامہ
٤) قیافہ۔ افلاطون نامہ
۵) فال نامہ
٦) نقوش و قواعد
۷) صحت نامہ
۸) اندر جال۔ طلسم خیرت

اس میں تعبیر خواب کا ہے بیان
ہیں جو تعبیر جدلوں میں تمام
اس کا تعبیر یوسفی ہے نام

خواب	تعبیر خواب
انوار خدا دیکھنا	مومنوں کو فرحت ہو نصیب جنت ہو غم سے آزادی ہو نہایت شاد ہو
انبیا کو دیکھنا	سرداری پائے فتنہ کہیں کا ہاتھ آئے
اصحاب کبار کو دیکھنا	برکت حاصل ہو بڑے دینداروں میں شامل ہو
ائمہ معصومینؑ کو دیکھنا	دنیا میں دولت یار ہو عاقبت میں بیڑا پار ہو
اولیاء ابدال کو دیکھنا	دلیل اقبال ہے۔ موجب زیادتی نیکی افعال ہے
ابر محیط آسمان پر دیکھنا	بلائے سخت نازل ہو۔ رنج و پریشانی حاصل ہو
الائچی یا اخروٹ پانا	سوداگری میں نفع کثیر پائے گماشتہ یا شریک اچھا ہاتھ آئے
آزار یا آزار بند دیکھنا	عورت نئی ملے شادی ہو۔ غم سے آزادی ہو
اشرفی پانا	فرزند ارجمند ہو یا نفع تجارت سے بہرہ ور ہو
اونچی جگہ پر چڑھنا	رتبہ بلند ہو نہایت خرسند ہو
اناج خشک کھانا	مفلسی میں مبتلا ہو۔ رنج کا سامنا ہو
انار شیریں پانا	معشوق سے شربت وصال پائے مریض ہو تندرست ہو جائے
انار ترش کھانا	دوستوں سے ترشروئی حاصل ہونے کی کرے برائی شامل ہو
انجیر کھانا	مال حلال سے مالا مال ہو۔ حاصل دولت لازوال ہو
اذان بے وقت دینا	ظلم و جفا کرے۔ ہر ایک پر بد اندیشہ کرے
اندھے کو دیکھنا	ایماندار بے ایمان ہو جائے۔ مگر جلد اپنے کئے پر پریشان ہو جائے
اپنے تئیں اندھا دیکھنا	نیک کاموں سے چشم پوش رہے بد کاموں میں ہم آغوش رہے
اندھیرا دیکھنا	حاکم پر آفت آئے یا غم فرزند اٹھائے
انگشتری پہنے ہوئے دیکھنا	کسی معشوق سے ہم آغوشی ہو نہایت گرمجوشی ہو
اونچی جگہ سے اترنا	عہدہ بڑا جاتا رہے غم و غصہ کھاتا رہے
انگشتری سے نگینہ گرا ہوا دیکھنا	حکومت سے خالی ہو رنج و ملال حالی ہو
